بسم اللہ الرحمن الرحیم

مِرآۃ القرآن

مؤلفہ

شیخ الحدیث والتفسیر

حضرت علامہ سید محمد حسین نیلوی ؒ

سابق مدرس مدرسہ امینیہ دہلی

شیخ الحدیث جامعہ ضیاء العلوم سرگودھا

مِرآۃُ القرآن

مؤلفہ

شیخ الحدیث والتفسیر

حضرت علامہ سید محمد حسین نیلوی

سابق مدرس مدرسہ امینیہ دہلی، شیخ الحدیث جامعہ ضیاء العلوم سرگودھا

طابع وناشر

سید احمد حسن نیلوی

ملنے کا پتہ

گلستان پرنٹنگ پریس

بلاک نمبر 5 گلی اسلحہ والی

کچہری بازار سرگودھا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

الحمد للہ کہ ہم تیسری مرتبہ شیخ الحدیث والتفسیر علامہ سید محمد حسین نیلوی مدظلہ کی تالیف مِراۃُ القُران شائع کرنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔ مرآت القرآن دراصل مضامین قرآن کی فہرست ہے جیسے حضرت علامہ موصوف نے اپنے استاد حضرت مولانا شاہ محمد جہلمی رحمہ اللہ تعالیٰ سے اور انھوں نے رئیس المفسرین امام الموحدین حضرت مولانا حسین علی الوانی رحمہ اللہ تعالیٰ سے سبقاً پڑھا۔ اس فہرست مضامین قرآن سے قرآن مجید کی تمام سورتوں کی ہر ہر آیت کا باہم ربط بآسانی معلوم ہو جاتا ہے اور قرآن مجید کو سمجھنے کے لئے یہ طریقہ نہایت سہل اور مفید ہے۔

اس کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ طالبِ قرآن کے ذہن میں سوال پیدا ہوتا تھا کہ دنیا میں ہر فن کی کتاب کے شروع میں ایک تمہید ہوتی ہے پھر اس کتاب کو چند ابواب اور فصول پر منقسم کیا جاتا ہے اور آخر تک تمام کلام باہم مربوط بھی ہوتا ہے لیکن قرآن پاک میں بظاہر ایسا نظر نہیں آتا۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت علامہ نیلوی مدظلہ نے مِرآۃُ القرآن کے نام سے مضامین قرآن کی مکمل و مربوط فہرست مرتب فرمائی۔

امید ہے کہ طلباء دورہ تفسیر و ترجمۃ القرآن اس سے قرآن پاک بطریق احسن سمجھ کر اور یاد کر کے تمام قرآن کے مضامین کو ازبر کرلیں گے

ناشر

سید احمد حسن نیلوی

پاک گلستان پرنٹنگ پریس

بلاک نمبر 5 سرگودھا

اِصطلاحاتُ القرآن

ترجمۂ قُرآنِ حکیم و تفسیرِ قُرآن کے طلباء کے لیے ضروری ہے کہ وہ سب سے پہلے قرآنی اِصطلاحات کو یاد کرلیں اور پھر اِن اصطلاحات کی روشنی میں ربط ملاتے چلے جائیں تو تمام قرآن حل ہوتا چلا جائے گا۔ اِن اِصطلاحات کو حروفِ تہجّی کی ترتیب سے مُختصرًا بیان کیا جاتا ہے۔

اِدخالِ الٰھی قرآنِ حکیم میں کوئی قصّہ بیان کرتے ہُوئے اثنائے کلام میں جو بات خود اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے اِرشاد فرماتے ہیں اُسے "اِدخالِ الٰہی" کے اِصطلاحی نام سے موسوم کیا جاتا ہے، یہ ادخالِ الٰہی اس قِصّہ یا مضمون کا حِصّہ تو نہیں ہوتا مگر اس سے متعلق ضرور ہوتا ہے، یہ عمومًا اس قِصّہ یا مضمون میں پَیدا ہونے والے سوال یا شبہ کا جواب ہُوا کرتا ہے۔

اِستشہاد اِستشہاد کے معنی ہیں: "گواہی کے معاملہ میں مدد دینا"۔ اور جب قرآنِ حکیم میں کِسی عبارت کے متعلق کہا جائے کہ یہ قرآنی اِستشہاد ہے، تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس قِصّہ کو اپنے دعوٰے کے اثبات کے لِیے گواہ کے طور پر بیان کیا گیا ہے کہ اِس سے ہمارے اس دعوٰے کی تائید ہوتی ہے۔

استقامت اس کا بیان "ہدایت" کے تحت دیکھیے۔

اعادہ بُعدِ عہد قرآن مجید میں کسی مقام پر کوئی مضمون بیان ہورہا ہو، اور پھر اس کا نتیجہ اور حکم بیان کیے بغیر اس کے دُوسرے مُتعلقات کا ذِکر شروع کردیا جائے اور اُس پہلے مضمون کا نتیجہ اور حکم بیان کرنے کے لیے دوبارہ پھر اسی مضمون کو دُہرایا جائے تاکہ اس کا ماقبل کے ساتھ ربط ہوجائے، تو اس فاصلہ اور بُعدِ عہد کی وجہ سے پہلے مضمون کو دوبارہ ذکر کرنے کا نام "اِعادہ بُعدِ عہد" ہے۔ جیسے اِذْ قَالَ اللّٰہُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ (۵ : ۱۱۰) سے اصلِ مقصود بالنداء ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ (۵ : ۱۱۶) تھا، لیکن درمیان میں طویل فاصلہ اور بُعدِ عہد کی وجہ سے وَاِذْ قَالَ اللّٰہُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

دوبارہ ذکر فرمایا۔ اِسی طرح اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ ... لِيُنْذِرَ (۱۸ : ۲) کا مفعول الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا (۱۸ : ۴) تھا۔ لیکن درمیان میں تبشیر مومنین کے ذکر سے فاصلہ اور بُعدِ عہد ہوگیا، اس لیے ویُنذر مکرر لایا گیا۔

اُمورِ انتظامیہ ایسے احکامات جن میں تدبیرِ منزل، سیاستِ مُدن اور سیاستِ مُلکیہ کا ذکر ہو، معاملات و معاشرہ کے مسائل سب اس میں آجاتے ہیں۔

اُمورِ مُصلحہ دعوے ماننے والوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ دعویٰ پر مضبوطی سے قائم رہیں اور امور اِنتظامیہ کے بیان کردہ احکامات کے مُطابق عمل کریں، تاکہ مُسلمین باہم مُنظّم، مُتحد اور متفق رہیں۔ اور یہ پابندیٔ احکام دشوار امر ہے، اس لیے ان کے ساتھ کچھ ایسے امور کا بیان ضروری ہے جو اِستقامت اور عمِلِ صالح پر ممد و مُعاون ہوں اور جن سے باطن کی اِصلاح ہو اور مُوحّد ہر مُشکل حکم کے عمل پر آسانی کے ساتھ آمادہ ہوجائیں، ایسے امور و احکام کو اُمورِ مصلحہ کہتے ہیں۔

انابت اس کا بیان "ہدایت" کے تحت دیکھیے۔

اندماج یا ادماج کسی مثال یا واقعہ کے مقصودی حِصّے کو صراحۃً بیان کرنا، اور واقعہ کے غیر مقصودی حِصّے کو حذف کردینا، جوکہ معمولی غور و فِکر سے سمجھا جاسکے، اس کو اندماج یا اِدماج کہتے ہیں۔ اور قرآن مجید میں اندماج کثرت سے ہے۔

براعۃ الاستہلال تمہید میں ایسی عبارت ذکر کرنا جو آنے والے مقصد کے مناسب ہو، اور اس کے امور ضروریہ پر اجمالی روشنی پڑے۔

تبشیر یا بشارت دعویٰ ماننے والوں کے لیے انعامات کی خوش خبری کو تبشیر یا بشارت کہتے ہیں۔ اور یہ دو قسم کی ہوتی ہے۔ ① تبشیر دُنیوی، جس کا تعلق دُنیوی نعمتوں سے ہو، ② تبشیر اُخروی، جس کا تعلق آخرت کی نعمتوں سے ہو۔

تتمّہ مقصد کے بیان کے بعد مقصد سے متعلق چند اہم امور تتمہ کے طور پر بیان ہوتے ہیں، جس کی دو صُورتیں ہُوا کرتی ہیں: ① پہلے بیان کیے گئے مقصد کا خُلاصہ۔ ② اُن چند شبہات کا ازالہ جو پہلے بیان کردہ مقصد کے دَوران ذہنوں میں وارد ہوسکتے ہیں۔

تخویف دعویٰ منوانے کے لیے اللہ تعالیٰ کی گرفت اور عذاب سے ڈرانے کا نام تخویف ہے۔ اور یہ دو قسم کی ہوتی ہے: ① تخویفِ دُنیوی، اس کا تعلق دُنیوی تکالیف سے ہے۔ ② تخویفِ اُخروی، اس کا تعلق آخرت کے عذاب سے ہے۔ نیز حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ کی اصطلاح میں اسی تخویفِ دُنیوی اور تخویفِ اُخروی کو ① تذکیر بایام اللہ۔ اور ② تذکیر بما بعد الموت کہا جاتا ہے۔

ترغیب ایسے خوش آیند اُمور کا بیان جن سے دعویٰ ماننے کا شوق پیدا ہو۔

ترہیب ایسے مہیب اُمور کا بیان جن سے ڈر کر ضد چھوڑ دے اور دعویٰ مان لے۔

تسلیہ دعوئ توحید پیش کرنے والوں پر جب منکرینِ دعویٰ کی طرف سے طرح طرح کی تکالیف آتی ہیں، اور تکذیب بھی کرتے ہیں تو اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے دعویٰ پیش کرنے والوں کو تسلی دی جاتی ہے، جس سے ان دعویٰ پیش کرنے والوں کے دلوں کو مضبوط اور زیادہ مطمئن کرنا مقصود ہوتا ہے۔

تشجیع ایسے اُمور کا بیان، جن سے دل کی ڈھارس بندھ جائے اور اُمورِ تبلیغیہ کی جرأت اور ہمت پیدا ہو۔

تشنیع کسی نامناسب امر کی قباحت کے بیان کو تشنیع کہتے ہیں۔

تمثیل دعویٰ کی وضاحت کے لیے کسی مثال کے بیان کا نام تمثیل ہے۔

تمہید مُدعیٰ بیان کرنے سے پہلے چند ابتدائی امور کے ذکر کو تمہید کہتے ہیں۔

تنبیہ انبیاء کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام سے کوئی خلافِ اَولیٰ فعل سرزد ہو جائے تو اللہ تعالیٰ ان کو تنبیہ فرماتے ہیں۔

تنویرِ دعویٰ بعض دفعہ مُخالفین سے دعویٰ کا ایک حصّہ تسلیم کرا کے اس دعوے کے باقی حصّے نہایت وضاحت کے ساتھ ان کے سامنے بیان کر دیے جاتے ہیں، جن کی وہ صراحۃً تردید نہیں کر سکتے۔ اس طرح گویا اُنھوں نے دعویٰ کے تمام حصّے صراحۃً وضمناً تسلیم کر لیے ہیں۔ اور بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک مسئلہ بیان کیا جاتا ہے، پھر اُس کے کسی پہلو کو زیادہ واضح کرنے یا اس سے متعلق کسی شبہ کا ازالہ کرنے کے لیے کلام لایا جاتا ہے جو پہلے بیان کی تنویر کہلائے گا۔

ثمرہ دعویٰ کو عقلی یا نقلی یا وحیی دلائل کے ساتھ بیان کرنے کے بعد، اخیر میں پھر اسی دعویٰ کو بیان کرنا، جس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ میرے ان دلائل سے میرا وہی دعویٰ ثابت ہو رہا ہے جو میں نے دلائل بیان کرنے سے پہلے پیش کیا تھا۔ اور اس ثمرہ کو نتیجہ بھی کہتے ہیں۔

جاریۃ اِس کا بیان "ضلالت" کے تحت دیکھیے۔

جدال اس کا بیان بھی "ضلالت" کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

خاتمہ مقصد بیان کرنے کے بعد اِختتامی امور کا بیان خاتمہ کہلاتا ہے۔

دَعویٰ یا موضوعِ سُورۃ یہ سُورت کا وہ مرکزی مضمون ہے جو تمام سُورت کے لیے بمنزلہ محور کے ہے اور سُورت کے باقی مضامین اسی کے گرد چکر لگاتے ہیں۔ اور دعویٰ کی مثال بیج کی سی ہے، تو جیسے درخت کے ہر پتّے اور شاخ میں بیج کا اثر ہوتا ہے اور اسی وجہ سے ہر درخت دُوسری نوع کے درختوں سے ممتاز نظر آتا ہے، اسی طرح سُورت کی ہر آیت کو اصل دعویٰ سے کوئی نہ کوئی تعلق ضرور ہوتا ہے۔ اور اسی دعویٰ کی بنا پر ایک سُورت دُوسری سے ممتاز نظر آتی ہے۔

دلیل دلیل وہ بیان ہے جس سے دعویٰ ثابت کیا جائے۔ اور یہ تین قسم کی ہوتی ہے ① دلیل عقلی، ② دلیل نقلی، ③ دلیل وحی۔ ان میں سے **دلیل عقلی** کو تین طریقوں سے تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ● دلیل عقلی کی پہلی تقسیم: ① عقلی محض، اس میں وہ امور ذکر ہوتے ہیں جن کا تعلق عقل سے ہو۔ اور ② دلیل عقلی مع اِعترافِ الخصم، جو کہ مُخالف کے سامنے بطور اِستفہام کے بیان ہوتی ہے، پھر ساتھ ہی مُخالف کے تسلیمی حالات کو مدِّنظر رکھتے ہُوئے اس کا جواب دیا جاتا ہے۔ ● دلیل عقلی کی دُوسری تقسیم: ① لِمّی، اس کے ذریعے عِلّت کو دیکھ کر معلول کو سمجھا جاتا ہے۔ ② اِنّی، اس کے ذریعے معلول سے عِلّت کی طرف آگاہی ہوتی ہے۔ ● دلیل عقلی کی تیسری تقسیم: ① دلیل انفسی، جس کا تعلق اِنسان کی اپنی ذات کے ساتھ ہے۔ اور ② دلیل آفاقی۔ پھر یہ بھی کئی قسم کی ہوتی ہے۔ مثلاً: ○ دلیل مسخراتِ ارضی ○ دلیل مسخراتِ سماوی ○ دلیل مسخراتِ اَنعامی ○ دلیل مسخراتِ بحریہ ○ دلیل مسخراتِ جبلی ○ دلیل مسخراتِ سہلی ○ دلیل جوی

دلیل نقلی، اس قسم کی دلیل دعویٰ کے اثبات کے لیے پیش کی جاتی ہے اور یہ سات قسم کی ہوتی ہے: ① گزشتہ آسمانی کتابوں سے ② انبیاء سابقین علیہم السلام سے اجمالاً۔ ③ انبیاء سابقین علیہم السلام سے تفصیلاً نام بنام ④ کتب سابقہ کے جاننے والے اُن علماء سے جو عہدِ نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں موجود تھے ⑤ جنات سے ⑥ ملائکہ سے، اور ⑦ طیور سے۔ **دلیل وحی**: اس میں دعویٰ کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ اعلان کرنے کا حکم ہوتا ہے کہ آپ فرما دیجیے کہ میں اپنی رائے سے کچھ نہیں کہتا بلکہ اللہ تعالیٰ نے بذریعۂ وحی مجھے حکم دیا ہے کہ تم یہ دعویٰ لوگوں تک پہنچاؤ۔

ربط کسی آیت کا اس سے پہلی آیت کے ساتھ، یا کسی سورت کا اس سے پہلی سُورت کے ساتھ جوڑ اور تعلق کے بیان کو ربط کہا جاتا ہے۔ اس جوڑ اور ربط کے بیان سے پُورا قرآن مربوط ہوجاتا ہے۔ اور کسی سُورت کا اس سے پہلی سُورت کے ساتھ ربط دو طرح سے بیان کیا جاتا ہے: ① ربط اسمی، یعنی سُورتوں کے ناموں کا لحاظ رکھتے ہُوئے ربط بیان کرنا۔ ② ربط معنوی، یعنی مضمون کے لحاظ سے ایک سُورت کا اُس سے پہلی سُورت کے ساتھ ربط بیان کرنا۔

ربطِ قلب اس کا بیان "ہدایت" کے تحت دیکھیے۔

ریب اس کا بیان "ضلالت" کے تحت دیکھیے۔

زجر مُنکرینِ دعویٰ کو ان کی ناجائز حرکات اور نامعقول مُطالبات پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے جھڑکی اور دھمکی کو زجر کہا جاتا ہے۔

شفاعتِ قہریہ مالک کی مرضی کے خلاف اپنا رُعب جتا کر یا اپنی طاقت دِکھا کر یا کسی اور طریقہ سے مشفوع لہٗ کا کام کرانا، یعنی مالک شفیع کی بات رد نہ کرسکے۔

شکویٰ منکرینِ دعویٰ جب مقابلہ میں دعویٰ پیش کرنے والوں کو مُختلف طریقوں سے ذلیل و عاجز کرنے کی کوشش کرتے ہیں، تاکہ لوگ ان کے عجز کو دیکھ کر ان کے پیش کردہ دعویٰ کو چھوڑ دیں، تو ایسے لوگوں کے حالات پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے شکایت کی جاتی ہے۔ اس شکایت کو "شکویٰ" کہتے ہیں۔ بعض اوقات جوابِ شکویٰ بھی ساتھ ہی بیان ہوتا ہے، جبکہ بعض اوقات محض شکویٰ ہی بیان ہوتا ہے۔ عام طور پر شکویٰ کی

پہچان یہ ہے کہ اس کی ابتداء قال یا قالوا سے ہوتی ہے۔

شواھد دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے نقلی یا عقلی دلائل کو شواہد کہتے ہیں۔

ضلالت اس کا مطلب ہے گمراہی۔ اور اس کے چار درجے ہیں: ① رَیب و شک: یہ گمراہی کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔ پہلے پہلے آدمی کے دِل میں شکوک و شبہات پَیدا ہوتے ہیں جو آدمی کو صراطِ مستقیم اور راہِ ہدایت سے بھٹکاتے ہیں۔ ② ضلالت: دینِ حق سے متعلق شکوک و شبہات کا ازالہ نہ کیا جائے اور وہ شکوک دِل میں گھر کرلیں اور دِل میں بیٹھ جائیں تو وہ شخص ضلالت میں گر جاتا ہے اور راہِ حق کو چھوڑ کر باطل کا رستہ اختیار کرلیتا ہے۔ ③ جِدال: گمراہ آدمی اپنے غلط عقائد کو صحیح و حق ثابت کرنے کے لیے اہلِ حق سے جدال (جھگڑا) کرتا ہے اور ضد وعناد کے سبب ہر حق بات کو رد کرتا ہے ④ مُہرِ جبّاریت: (طبع علی القلب یا ختم علی القلب) جب آدمی حق کے مقابلہ میں جدال اور جھگڑا شروع کرتا ہے اور تمام عقلی و نقلی دلائل سے حق کے واضح اور ثابت ہوجانے پر بھی حق کو نہیں مانتا اور اپنی ضد اور عناد پر ڈٹا رہتا ہے تو اب اس کے دِل پر مُہر لگ جاتی ہے۔ یعنی اس کے دِل میں جو کفر و نفاق اور شرک ہے، وہ دِل سے باہر نہیں نکل سکتا۔ اور جو اس کے دِل سے باہر ہے، یعنی ایمان و یقین اور توحید و اِخلاص، تو وہ اس کے دِل میں داخل نہیں ہوسکتا۔ جب آدمی گمراہی کے اِس درجہ میں پہنچ جائے تو اُس کا راہِ حق پر آنا ناممکن ہوجاتا ہے، اِس درجہ میں اُس سے ہدایت کی توفیق سلب کرلی جاتی ہے۔ اسی کا نام طبع علی القلب اور ختم علی القلب ہے۔ اور اسی کیفیت کو مُہرِ جبّاریت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

عِلّة وہ چیز ہے کہ جس کے ہوتے ہی بلا تاخیر حکم موجود ہو، یعنی وہ حکم کو فوری طور پر ثابت کرتی ہے۔ اور اس حکم کو معلول کہتے ہیں اور علّة کا معلول سے تقدم ذاتی ہوتا ہے، زمانی تقدم نہیں ہوتا۔ جیسے سُورج کا نکلنا، دن ہونے کی علّة ہے۔

غُضروف جیساکہ دو ہڈیوں کو باہم ملانے والی نرم ہڈی ہوتی ہے، جس کا تعلق دونوں ہڈیوں سے ہوتا ہے، اسی طرح قرآن مجید میں بھی دو بابوں یا دو فصلوں کو باہم مربوط کرنے کے لیے ایسی عبارت لائی جاتی ہے جس کا تعلق ماقبل سے

بھی ہوتا ہے اور مابعد سے بھی۔ مثلاً: سورۂ بقرہ میں آیت ۲۱ تا ۱۲۱ بابُ التوحید ہے، اس کے بعد آیت ۱۲۲ و ۱۲۳ بطور مُخَضروف بیان فرما کر آیت ۱۲۴ سے بابُ الرسالت شروع فرمایا جو آیت ۱۷۷ تک ہے۔

قانون قانون، قاعدہ، کلیہ، ضابطہ، عقد، مسلہ، اصل، یہ دستور کے کئی نام ہیں۔

مُقدر جو چیز عبارت میں تو بیان نہ ہو، مگر دل میں مُراد ہو، اسے مُقدر کہتے ہیں۔

مقصد جس غرض کے لیے کلام چلائی گئی ہو، اسے مقصد کہتے ہیں۔

مُہر جباریۃ اس کا بیان "ضلالت" کے تحت دیکھیے۔

نمونہ ایک حکم کے لیے کوئی نظیر پیش کی جائے تو اُسے نمونہ کہتے ہیں۔

نہی کسی بات سے روک دینے کو نہی کہتے ہیں۔

وعد اللہ تعالیٰ کا فرمانا کہ تم میرے احکام مانو، جب تم میرے احکام مانوگے تو میں تمھیں خوش کروں گا، یہ وعد کہلاتا ہے۔

وعید اللہ تعالیٰ کا فرمانا کہ تم میرے احکام مانو، اگر میرے احکام نہ مانوگے تو میں تمھیں ایسے ایسے طریقہ سے سزا دوں گا، یہ وعید کہلاتا ہے۔

ھدایۃ ہدایت کے چار درجے ہیں: ① انابت، یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا اور ضد، عناد اور تعصب کو چھوڑ کر راہِ ہدایت کی تلاش کرنا۔ اور ہدایت صرف اُن ہی لوگوں کو نصیب ہوتی ہے جن میں انابت الی اللہ کا جذبہ موجود ہو۔ ② ہدایت، سیدھی راہ پانا، یہ درجہ انابت کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ ③ اِستقامت، یہ درجہ ہدایت کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ جب آدمی اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے مُطابق سیدھی راہ پر چلنا شروع کردیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے اِستقامت عطا فرمادیتا ہے۔ ④ ربط القلب، جو ایمان کی پختگی کا سب سے اُونچا درجہ ہے۔ جسے یہ درجہ حاصل ہوجائے، دُنیا کی کوئی طاقت اسے ایمان اور اِسلام سے برگشتہ نہیں کرسکتی۔ مگر یہ درجہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کامل اِتباع کے بغیر ہرگز حاصل نہیں ہوسکتا۔

رکوعہا ۱ / آیاتہا ۷	۱ سُورَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ ۵	کلماتہا ۲۷ / حروفہا ۱۴۰

مقدمۂ قرآن مجید اجمالی (۱)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

○ دعویٰ مع دلیل ۱ (قضیہ فطریہ قیاسہا معہا) .. .. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

○ دعویٰ کی دلیل ۲ .. .. رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

○ دعویٰ کی دلیل ۳ .. .. اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

○ دعویٰ کی دلیل ۴ .. .. مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○

○ دلائلِ اربعہ کا ثمرہ .. .. اِيَّاكَ نَعْبُدُ

○ و عطف تفسیری .. .. وَ

○ دلائلِ اربعہ کے ثمرہ کی تفسیر .. .. اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○

○ عقیدہ کی پختگی اور ربطِ قلب کی دُعاء .. .. اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○

○ منعم علیہم کا بیان، جن کو من جانبِ اللہ ربطِ قلب نصیب ہوا .. صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ

○ مغضوب علیہم کا بیان، جن پر مُہرِ جباریت لگ چکی ہے .. .. غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

○ ضالّین کا بیان، جو راہِ توحید سے ہٹ گئے .. .. وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

فائدہ: امیرالمؤمنین سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تمام آسمانی علوم اور قرآن مجید کا خلاصہ سُورۂ فاتحہ میں ہے، کیونکہ مضامین کے اعتبار سے قرآن مجید کے چار حصے ہیں: ① فاتحہ سے مائدہ تک پانچ سُورتوں میں زیادہ تر خالقیت کا بیان ہے، یعنی کل کائنات کا پیدا کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ ② سُورۂ انعام سے بنی اسرائیل (اسراء) تک بارہ (۱۲) سُورتوں میں زیادہ تر ربوبیت کا ذکر ہے۔ یعنی ہر چیز کو پیدا کر کے حدِ کمال تک پہنچانے والا، اور اس کی دیکھ بھال کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ ③ سُورۂ کہف سے احزاب تک سولہ (۱۶) سُورتوں میں زیادہ تر یہ مضمون ہے کہ تختِ شاہی پر خود اللہ تعالیٰ ہی قائم ہے

رکوعاتہا ٤٠	٢	سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ	٨٧	کلماتہا ٦١٢١
آیاتہا ٢٨٦				حروفہا ٢٥٥٠٠

مقدمۂ قرآن مجید تفصیلی (٢)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط البقرۃ بالفاتحۃ

(١) سورۂ فاتحہ میں "صراطِ مستقیم" کی دُعا مانگی، پھر سُورۂ بقرہ میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تم لوگوں نے صراطِ مستقیم کی جو دُعا مانگی ہے، میں نے قبول کرلی اور اس صراطِ مستقیم کی راہنمائی کے لیے میں نے یہ کتاب نازل کردی ہے اسے پڑھو اور سمجھو۔ جو ہدایت مجسّم ہے، یہ یقیناً تمھیں صحیح مقصود تک پہنچادے گی۔

(٢) سُورۂ فاتحہ میں تین جماعتوں کا اجمالی ذِکر تھا۔ پھر سُورۂ بقرہ میں بھی انہی تینوں جماعتوں کا تفصیلی ذکر علیٰ سبیل اللف والنشر المرتب ہوگا۔ ① منعم علیہم کا ذکر آیت ۵ تک۔ ② مغضوب علیہم کا ذکر آیت ٦، ٧ میں۔ ③ ضالین کا ذکر آیت ٨ تا ١٦۔

(٣) سُورۂ فاتحہ میں صِرف دعویٰ مذکور ہے: اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ پھر سُورۂ بقرہ میں اس دعویٰ کو دلائل سے مبرہن کیا گیا ہے۔ دیکھو آیت نمبر ٢١ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الاٰيۃ اور آیت نمبر ١٦٣، ١٦٤، اور ٢٥٥ (آیت الکرسی)

بقیہ حاشیہ ص سے آگے: اللہ تعالیٰ نے کسی کے حوالے کچھ نہیں کیا، وہ ہی مالک و متصرف، کارساز و خود مختار اور برکات دہندہ ہے۔ ④ سُورۂ سبا سے ختم قرآن تک اِکیاسی (٨١) سورتوں میں زیادہ تر یہ مضمون ہے کہ قیامت کے دِن مالک و مختار صرف اللہ تعالیٰ ہی ہوگا اور اس کے سامنے کوئی شفیع غالب نہ ہوگا۔ ○ سُورۂ فاتحہ میں ان چاروں مضمونوں کا ذکر ہے۔ ○ سُورۂ فاتحہ کا خلاصہ تسمیہ میں آگیا، اس طرح کہ بِسْمِ اللّٰهِ میں خالقیت کی صفت آگئی، الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ میں تختِ شاہی پر متمکن ہونا آگیا اور ضمناً تربیت بھی آگئی اور قیامت کو اللہ تعالیٰ کا متصرف ہونا التزاماً آگیا۔ اور تمام بِسْمِ اللّٰهِ کا خلاصہ باءِ استعانت میں آگیا کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی سے مدد مانگو۔

(۴) سُورۂ فاتحہ میں فقط مُقسم (عبادۃ) کا ذِکر ہے۔ پھر سُورۂ بقرہ میں اس کی اقسام کا ذِکر ہے مثلاً ① نماز: آیت نمبر ۴۳، ۱۱۰، ۲۳۸۔ ② روزہ: آیت نمبر ۱۸۳ تا ۱۸۷۔ ③ اِعتکاف: آیت نمبر ۱۸۷۔ ④ حج و ⑤ عُمرہ: آیت نمبر ۱۹۶ تا ۲۰۳۔ ⑥ جہاد (جانی و مالی) آیت نمبر ۱۹۰ تا ۱۹۵ پھر آیت نمبر ۲۰۸ تا ۲۱۸۔ پھر ۲۴۳ تا ۲۷۴۔ ⑦ نماز میں قیام: آیت نمبر ۲۳۸۔ ⑧ رکوع: آیت نمبر ۴۳۔ ⑨ سجدہ: آیت نمبر ۴۴۔ ⑩ زکوٰۃ: آیت نمبر ۱۱۰۔ ⑪ ہَدیٰ: آیت نمبر ۱۹۶۔ ⑫ عِدت: آیت نمبر ۲۳۴۔ ⑬ طواف و ⑭ سعی بین الصفا والمروہ: آیت نمبر ۱۵۸۔ ⑮ نذرِ اللہ تعالیٰ: آیت نمبر ۱۷۲۔ ⑯ دُعاء: آیت نمبر ۲۱، ۴۵، ۱۵۳، ۱۸۶ اور ۲۰۱۔ ⑰ ذکر اللہ تعالیٰ آیت نمبر ۱۹۸ تا ۲۰۰۔ ⑱ نماز میں قبلہ رُخ ہونا: آیت نمبر ۱۴۴ تا ۱۵۰۔

(۵) سُورۂ فاتحہ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کا اثبات (ایجابی پہلو) ہے۔ اور سورۂ بقرہ میں غیر اللہ کی عبادت کی (سلبی پہلو) ہے۔ دیکھو آیت نمبر ۲۲۔ اور یہی سلبی پہلو شکوئی کے طور پر آیت نمبر ۱۶۵ میں مذکور ہے۔

○ سورۂ بقرہ تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید آیت نمبر ۱ تا ۲۰ ○ مقصد آیت نمبر ۲۱ تا ۲۸۳ ○ خاتمہ آیت نمبر ۲۸۴ تا ۲۸۶

موضوع	آیت	موضوع	آیت
تمہید:		بیانِ سببِ خبث	۱۰
بیان عظمتِ شانِ کتابُ اللہ		بیانِ خباثت ۲ (فساد)	۱۱
متضمن مستفیدین (منعم علیہم)	۲	اللہ کی طرف سے اُن کے کرتوت کا رد	۱۲
اوصاف منعم علیہم	۳، ۴	بیانِ خباثت ۳ (تسفیہ مؤمنین) معدود	۱۳
بیان حال و مآل منعم علیہم	۵	بیان خباثت ۴ (دوروئی)	۱۴
بیان غیر مستفیدین (مغضوب علیہم)	۶	اس خباثت کا رد	۱۵
بیان حال و مآل مغضوب علیہم	۷	بیان حالِ ضالّین	۱۶
بیان غیر مستفیدین (ضالّین)	۸	تمثیلِ حال مغضوب علیہم باستیقادِ نار	۱۷، ۱۸
بیان خباثتِ ضالّین ۱ (دھوکہ بازی)	۹	تمثیل حال ضالّین ۱ (بباراں)	۱۹

○

سبحٰنک اللّٰھم و بحمدک
اشھد ان لا الٰہ الا انت
استغفرک واتوب الیک
اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ
اٰل محمد۔

(سورۂ بقرہ اختتام پذیر ہوئی)

رکوعاتہا ۲۰ | سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِیَّۃٌ ۳ | ۸۹ | کلماتہا ۳۴۸۰
آیاتہا ۲۰۰ | | | حروفہا ۱۴۵۲۰

اہلِ کتاب کے شبہات کا رد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط سُورۃ اٰل عمران بسورۃ البقرۃ

(۱) ربط اسمی: فاتحہ میں تھا کہ ایاك نعبد و ایاك نستعین کہہ کر اقرار کرو کہ ہم حاجات و مشکلات میں مافوق الاسباب امور میں صرف اللہ تعالیٰ کو پکار کر اس سے مدد مانگیں گے پھر بقرہ میں فرمایا کہ یہود کی طرح نہ ہونا، جنہوں نے بقرہ کی تعظیم و عبادت کی تھی، اب سُورۂ آلِ عمران میں یہ تلقین فرمائی کہ نصاریٰ کی طرح اللہ تعالیٰ کی پکار میں آلِ عمران (حضرت عیسیٰؑ، مریمؑ، اُمّ مریم و دیگر کسی نبی ولی اور نیک بندوں) کو شریک نہ کرنا اور پھر منکرین سے جہاد بھی کرنا ہوگا۔

(۲) ربط معنوی ۱: بقرہ کا اختتام فانصرنا علی القوم الکافرین پر ہوا، جو اللہ تعالیٰ سے دُعاء ہے کہ کافروں پر ہماری نصرت فرما۔ اب آلِ عمران میں فرمایا کہ جہاد دو قسم کا ہے، ایک جہاد لسانی اور دُوسرا سنانی۔ پہلا نمبر جہاد لسانی کا ہے، یعنی ان سے بحث کرو اور ان کے شبہات کے جواب دو۔ اور اندازِ بیان مجھ سے سمجھو۔

(۳) ربط معنوی ۲: بقرہ میں تمام مضامین اجمالاً ذکر ہیں اور سُورت آلِ عمران میں انہی مضمونوں میں سے چار مضامین (توحید، رسالۃ، جہاد اور انفاق) کا ذکر ہے۔ اور ان پر علماء اہلِ کتاب کے شبہاتِ واردہ کا جواب دیا گیا ہے۔

○ یہ سُورت بھی تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید آیت نمبر ۶ تک ہے۔ اور ○ مقصد آیت نمبر ۷ سے آیت نمبر ۱۸۹ تک ہے، جو چار بابوں پر مشتمل ہے۔ ○ باب ۱ شبہات متعلقہ توحید آیت ۷ تا ۸۰۔ ○ باب ۲ شبہات متعلقہ رسالۃ آیت ۹۳ تا ۹۷۔ ○ باب ۳ شبہات متعلقہ جہاد آیت ۱۴۰ تا ۱۷۹۔ ○ باب ۴ شبہات متعلقہ انفاق آیت ۱۸۱ و ۱۸۲ ○ خاتمہ آیت ۱۹۰ تا ۲۰۰

مضمون	آیت
روئے سخن مومنین کی طرف بطور تنبیہ، توحید و رسالت میں کفار کے بیان کردہ شبہات پر کان نہ دھرو اور رسولؐ کی اتباع کرتے رہو۔	۱۰۰
تتمہ تنبیہ بالا	۱۰۱
الباب الثالث فی جواب الشبہات الواردۃ علی الجہاد	
تمہید ترغیب جہاد۔ متضمن حکم تقویٰ دائمی و اعتصام بالقرآن و نہی از تفرقہ و ذکر نعم اللہ و امر بہ اجرائے تبلیغ موجب فلاح	۱۰۲ تا ۱۰۴
اختلاف فی الدین پر زجر مع تخویف	۱۰۵ و ۱۰۶
بشارت مومنین	۱۰۷
حکم بالا کے صادق و حکیم اللہ کی طرف سے ہونے کا بیان	۱۰۸
عقلی دلیل توحید کے ضمن میں تشجیع المومنین علی الجہاد	۱۰۹
اشاعت توحید و ردّ شرک جاری رکھنے کے لیے ترغیب	۱۱۰
زجر اہل کتاب مع ترغیب لبنائے التوحید	۱۱۰

مضمون	آیت
ناکامیٔ اہل کتاب کی پیش گوئی	۱۱۱
ذلت یہود کا بیان مع بیان سبب	۱۱۲
تبشیر مومنین اہل کتاب کے لیے	۱۱۳ تا ۱۱۵
تخویف اُخروی کفار اہل کتاب کو	۱۱۶
جواب سوال مقدر کہ کفار کا خرچ ضائع ہے	۱۱۷
روئے سخن مومنین کی طرف، کہ ایسے کفار سے مقاطعہ کرو، اپنے راز نہ بتاؤ بلکہ ان سے لڑو مع بیان وجوہ قتال و مقاطعہ	۱۱۸ تا ۱۲۹
وجہ ۱، ۲، ۳ مع امتنان من اللہ المنان	۱۱۸
وجہ ۴ و ۵	۱۱۹
وجہ ۶ متضمن دو شرطوں صبر اور تقویٰ کے، جہاد میں فتحیابی کے لیے	۱۲۰
وجہ ۷ متضمن نمونہ ۱ دونوں شرطوں کا	۱۲۱ و ۱۲۲
نمونہ ۲ دونوں شرطوں کا	۱۲۳ و ۱۲۴
تتمہ قصۂ بدر	۱۲۵
حکمت واقعہ بالا	۱۲۶ و ۱۲۷
ادخال الٰہی	۱۲۸
وجہ ۸ متضمن توحید	۱۲۹

سبحانک اللھم و بحمدک اشھد ان لا الٰہ الا انت استغفرک واتوب الیک۔ اللھم صل علی محمد و علی آل محمد

رکوعاتها ۲۴ | ۴ | سورة النساء مدنية | ۹۲ | کلماتها ۳۰۴۵
آیاتها ۱۷۶ | | | | حروفها ۱۶۰۳۰

اُمورِ انتظامیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ربط سورة النساء بسورة ال عمران

(۱) سُورۃ آلِ عمران میں توحید و رسالت وجہاد و انفاق سے متعلق شبہات کا ازالہ کیا گیا تھا اور جہاد و انفاق فی سبیل اللہ کی ترغیب دی گئی تھی اور کہا گیا تھا کہ اشاعتِ توحید کے متعلق حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان کردہ احکامات کو سر آنکھوں پر رکھتے ہوئے باہم منظم ہوکر' اشاعتِ توحید کی راہ میں روڑے اٹکانے والے کفار معاندین کے ساتھ جہاد کرو ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ شرک اعتقادی اور شرک فی الدعاء کی نفی بھی کی گئی تھی۔ اب سُورۃ نساء میں مُسلمانوں کو انفرادی و اجتماعی طور پر منظم کرنے کے لیے اُمورِ انتظامیہ کو خُوب تفصیل سے بیان کیا اور اس اثنا میں نماز وغسل وغیرہ امور مصلحہ کا بھی ذکر فرمایا کیونکہ امور انتظامیہ پر عمل در آمد کرنے میں نماز مُمد و مُعاون ہے اور امور انتظامیہ میں سے احکامِ رعیت ہیں' جن کو تدبیرِ منزل سے تعبیر کیا جاتا ہے' ان کا حاصل یہ ہے کہ آپس میں ایک دُوسرے کی حق تلفی نہ کرو ۔ ایک دُوسرے پر ظلم نہ کرو ۔ یعنی تمہارا اندرونی نظم وضبط اصلاحِ معاشرہ اور باہمی معاملات میں عدل و انصاف قائم رہے گا۔ تب تم میں پیار و محبت بڑھے گا۔ اور ان امور انتظامیہ میں سے احکامِ سلطانیہ بھی ہیں جن کو سیاستِ مدن و سیاست ملک سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ان کا حاصل یہ ہے کہ دُوسرے لوگوں میں باہم حق تلفی اور ظلم نہ ہونے دو ۔ جب تُمہاری آپس کی تنظیم قائم رہے گی تو اُس وقت ہی تم سب مل کر غیر مسلم قوموں سے جہاد کرسکوگے ۔

(۲) سُورۃ آلِ عمران میں شرک اعتقادی کی ایک قسم کی نفی کی گئی تھی کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی نُوری' ناری یا خاکی مخلوق کے لائق پکار ہونے کا اعتقاد ہرگز نہ رکھا جائے ۔ اور اب

سُورۂ نساء میں شرکِ اعتقادی کی دُوسری قسم کا رد کیا گیا ہے کہ غیر اللہ کے احکام کو واجب الاتباع سمجھنا بھی شرک ہے۔ لہٰذا غیر اللہ کے احکام کو واجبُ الاتباع ہونے کا اعتقاد نہ رکھا جائے اور نفی شرک اعتقادی قسم اوّل و نفی شرک فعلی کا بھی قدرے ذکر ہوگا۔

○ سُورۂ نساء بھی تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید آیت نمبرا میں ہے ○ مقصد آیت نمبر۲ سے ۱۷۶ میں حظ الانثیین تک ہے۔ اور ○ خاتمہ آیت نمبر۱۷۶ میں یبین اللہ لکم سے آخر تک ہے۔ ● مقصد میں تین باب ہیں۔ ○ پہلا باب تدبیرِ منزل میں ہے، جس میں دو فصلیں ہیں۔ پہلی فصل "اِصلاحِ معاشرہ" آیت نمبر۲ سے ۳۵ تک۔ پھر واعبدوا اللہ ولا تشرکوا به شیئا میں غضروف لایا گیا کہ اصل مقصد زندگی گزارنے کا یہ ہے، نہ کہ دُنیوی امور میں اُلجھا رہنا۔ پھر دُوسری فصل آیت نمبر۳۶ میں و بالوالدین سے آیت نمبر۵۷ تک ہے۔ جس میں ذکر ہے "اِحسان باہمی" کا۔ پھر ○ دُوسرا باب "سیاستِ مدن" و "سیاست ملک" میں ہے۔ جس میں ذکر ہے "احکامِ سُلطانیہ" کا۔ اور یہ باب آیت نمبر۵۸ سے آیت نمبر۱۱۵ تک ہے۔ اس کے بعد آیت نمبر۱۱۶ سے ۱۲۶ تک پھر غضروف ہے، جس میں توحید و ردِ شرک اور اتباعِ ملتِ ابراہیمؑ و اِجتناب از وساوسِ شیطانیہ کے ذکر سے زندگی گزارنے کا اصل مقصد بیان کیا گیا ہے۔ اور پھر ○ تیسرا باب آیت نمبر۱۲۷ سے آیت نمبر۱۷۶ میں حظ الانثیین تک ہے، جس میں پہلے دونوں بابوں کی تنویر ہے اور بعض مسائل مذکورہ فی البابین میں بعض اوہام کا دفعیہ کیا گیا ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید تقوٰے کا حکم، جس کے ضمن میں باہمی حقوق کی حفاظت بھی آگئی۔	۱	مسئلہ ۲ یتیم بچیوں سے نکاح کرو تو مہر پُورا دو، نہیں تو کسی اور سے نکاح کرلو۔	۳
مقصد الباب الاول فی تدبیر المنزل فیه مسائل الفصل الاول (اِصلاحِ معاشرہ)		اگر ۲، ۳ یا ۴ بیویوں میں عدل نہ کرسکو تو ایک ہی سے نکاح کرلو یا باندی رکھ لو۔ فان خفتم	۳
مسئلہ ۱ یتیم کو نقصان نہ پہنچاؤ	۲	مسئلہ ۳ وجوب ادائیگی مہر	۴

مضمون	آیت
حکم ۴ تنبیہ المؤمنین باہم نزاع نہ کرو ' تا .... فئتین	۸۸
اور جو منافقین مدینہ سے نکل گئے ہیں ان کو قتل کرو بشرطیکہ وہ تائب ہوکر ہجرت نہ کریں۔	۸۸ و ۸۹
ماکسبوا کا بیان یعنی منافقین کا خبثِ باطنی یہ ہے۔ ودوالو تکفرون	۸۹
اور ان منافقین کو قتل نہ کرو جن کے پناہ دہندہ تمہارے معاہد ہوں بشرطیکہ وہ فتنہ پرداز نہ ہوں۔	۹۰
اور ان کو بھی قتل نہ کرو جو تنگ دِل ہوں اور ایسے دِل برداشتہ ہوں کہ نہ تو تم سے لڑیں اور نہ اپنی قوم سے۔ اور ایسے چالباز منافقین جو تم سے بھی اور اپنی قوم سے بھی پُر امن رہنا پسند کرتے ہیں مگر شرارت کے اُٹھنے پر مُسلمانوں سے لڑنے کے لیے میدان میں نکل آتے ہیں ان کو جہاں پاؤ قتل کرو	۹۱
حکم ۵ قتلِ مومن کے بارے خطأً (غلطی سے) قتلِ مسلم کا حکم ایک غلام آزاد کرنا۔ اور مقتول کے ورثاء کو دیت دینا (اگر معاف نہ کریں)	۹۲

مضمون	آیت
اگر خطأً مقتول مومن دشمن قوم کا باشندہ ہو تو صرف غلام آزاد کرے	۹۲
اگر خطأً مقتول مومن مُعاہد قوم میں سے ہو تو غلام بھی آزاد کرے اور مقتول کے ورثاء کو دیت بھی دے۔	
غلام نہ ملنے کی صُورت میں دو ماہ مسلسل روزے رکھے۔	
عمدًا قتل نہ کرنے کی سزا جہنم ہے	۹۳
حکم ۶ دنیوی لالچ میں بلا تحقیق کسی مدعی اسلام کو قتل نہ کرو۔	۹۴
ترغیب جہاد	۹۵
تبشیرِ مُجاہدین متضمن تفضیل المجاہدین علی القاعدین فضل اللہ	
حکم ۷ وجوبِ ہجرت	
باوجود قدرت کے ہجرت نہ کرنے والوں کو زجر مع تخویفِ اُخروی	۹۷
ضعیف مرد و زن اور بچے اس حکم بالا سے مستثنٰی ہیں۔	۹۸ و ۹۹
ترغیب و فضیلتِ ہجرت	۱۰۰
حکم ۸ قصرِ صلوٰۃِ خوف کمًا و کیفیۃً (اجمالًا)	۱۰۱
تفصیل صلوٰۃِ خوف	۱۰۲
دوامِ ذکر اللہ و توقیتِ نماز	۱۰۳

مضمون	آیت
جہاد کی ترغیب اور جہاد میں کم ہمتی سے	
ممانعت۔	۱۰۴
حکم ۹ فیصلہ قواعد شرع کے مطابق ہو	۱۰۵ تا
ظن و تخمین پر مبنی نہ ہو۔	۱۱۳
کلام متعلق باحکام تسعہ تا الناس	۱۱۴
تبشیر ومن یفعل	
تخویف اُخروی، مُسلمانوں کے خلاف	
منصوبے بنانے والوں کے لیے	۱۱۵
شرک فی حکم من احکام اللہ کا مرتکب	
بھی مغفور نہیں۔	۱۱۶
فرشتوں کے پجاری دراصل شیطان	۱۱۷ تا
کے پجاری ہیں۔	۱۲۰
تخویف اُخروی مشرکین کو	۱۲۱
تبشیر اُخروی مومنین کو	۱۲۲
تنبیہ المومنین و زجر اہل کتاب	
کہ پیروں اور علماء کی خود تراشیدہ	
خواہشات کے تابع نہ ہو، بلکہ	
حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح	
پختہ عقیدے پر رہو۔	۱۲۳
بشارت مومنین	۱۲۴
ترغیب اتباع ملۃ ابراہیم	
علیہ السلام کی۔	۱۲۵

مضمون	آیت
غضروف اس بیان میں کہ ہر گُن اور	
ہر وان جب صرف اللہ تعالیٰ ہے	
تو گزشتہ دونوں بابوں اور آئندہ کے	
احکامات کی اطاعت بھی ضروری ہے	۱۲۶
الباب الثالث فی تنویر بعض المسائل	
المذکورۃ فی البابین ودفع الاوہام۔	
○ وان خفتم ان لا تقسطوا فی	
الیتامٰی سے پیدا ہونے والے	
وہم کا جواب	۱۲۷
○ واتیتم احداھن قنطارا ...	۱۲۸
سے پیدا ہونے والے وہم کا جواب	تا ۱۳۰
امتثال احکام کی تاکید۔ و۔	۱۳۱ تا
تخویف۔	۱۳۴
○ انا انزلنا الیک الکتب بالحق	
سے پیدا ہونے والے وہم کا جواب	۱۳۵
شرعاً کونسا ایمان معتبر ہے	۱۳۶
زجر المنافقین والمرتدین ۱	۱۳۷
زجر المنافقین ۲ ۱۳۸	و ۱۳۹
تذکرۂ کفریات کے وقت مجلس	۱۴۰
گفتار میں بیٹھنے کی ممانعت	و ۱۴۱
منافقین کے نفاق کا بیان مع	
تذکیر	۱۴۲

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ
اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
وَبَارِكْ
وَسَلِّمْ

رکوعاتہا ١٦ | سُورۃ المائدۃ مدنیۃ ٥ ١١٢ | کلماتہا ٢٨٤٢
آیاتہا ١٢٠ | | حروفہا ١٢٣٤٣

شرک اور انواعِ شرک کا تفصیلی رَدّ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط سورۃ المائدۃ بسورۃ النساء

(١) سُورۂ فاتحہ میں فرمایا کہو کہ پکار کے لائق صرف اللہ تعالیٰ ہے اور غائبانہ مافوق الاسباب امور میں مدد بھی صرف اللہ تعالیٰ سے مانگو۔ اور بقرہ میں سمجھایا کہ یہود کی طرح نہ بننا' جنھوں نے بقرہ کی پُوجا کی۔ پھر آلِ عمران میں فرمایا کہ نصاریٰ کی طرح بھی نہ بننا' جنھوں نے آلِ عمران کی پُوجا کی۔ پھر نساء میں فرمایا کہ اپنی تنظیم قائم رکھنے کے لیے نساء وغیرہ کے حقوق کی ادائیگی شرعی احکام کے مطابق کریں۔ اور اب مائدہ میں فرمایا کہ اس کے بعد اللہ تعالیٰ تم پر خیر و برکت کا مائدہ نازل فرمائے گا۔

(٢) سُورۂ نساء کے اخیر میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے احکام اس لیے کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم گمراہ نہ ہوجاؤ۔ اور سُورۂ مائدہ میں دُوسرے تمام احکامات سے نفی شرک اعتقادی و عملی اہم ترین ہے' اس لیے اس کا تفصیلی ردّ اِس سُورت میں آئے گا۔

(٣) سُورۂ بقرہ کے مضامین میں سے اُمورِ اِنتظامیہ کا ذکر بالتفصیل اور شرک اِعتقادی و عملی کی نفی سُورۂ نساء میں مختصر لفظوں میں بیان کی گئی ہے۔ اور اب سُورۂ مائدہ میں دو بار نفی شرک فعلی کو تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا اور اس کے ساتھ ہی دو بار نفی شرک اِعتقادی کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

○ یہ سُورت بھی تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید بالعقود تک ○ مقصد اُحلّت سے آیت نمبر ١١٩ تک۔ ○ خاتمہ آیت نمبر ١٢٠ ● مقصد میں دو باب اور ایک تتمہ ہے۔ ○ باب اول میں دو فصل ہیں۔ فصل اول آیت نمبر ١ میں اُحلّت سے آیت نمبر ١٤ تک نفی شرک عملی۔ فصل ثانی آیت نمبر ١٥ سے آیت نمبر ٦٦ تک نفی شرک اِعتقادی۔ ○ باب ثانی میں باب اول کی تنویر علیٰ سبیل اللف والنشر غیر المرتب بیان ہے۔ اس باب میں بھی دو فصلیں ہیں۔ فصل اول آیت نمبر ٦٧ سے

آیت نمبر ۸٦ تک نفی شرک فی التصرف کی تنویر۔ فصل ثانی آیت نمبر ۸۷ سے آیت نمبر ۱۰۵ تک، نفی شرک عملی کی تنویر ہے۔ ۞ تتمہ آیت نمبر ۱۰٦ سے ۱۱۹ تک ہے، جس کے دو حصے ہیں۔ پہلا حصہ آیت نمبر ۱۰۹ تک ہے جو نفی شرک فی التصرف والیمین پر مشتمل ہے۔ دوسرے حصہ میں نفی شرک فی التصرف نصاریٰ کا بیان ہے۔ ۞ خاتمہ آیت نمبر ۱۲۰ میں سورت کا خلاصہ ہے، جس میں نفی شرک اعتقادی کا ذکر بالذات اور نفی شرک عملی کا ذکر ضمناً آیا ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید:		المسئلۃ الثالثۃ:	
احکام الٰہیہ کے التزام کا حکم،		نذر اللہ تعالیٰ کی برحق ہے، اس کی	
یا .... بالعقود	۱	ہتک عزت نہ کرو۔	۲
مقصد:		شعائر اللہ کی ہتک کرنا حرام ہے۔	
الباب الاول فی رد الشرک الاعتقادی		حجاج کی بے حرمتی اور ناجائز تعرض،	
والعملی۔		ہدایا لے جانے والوں کو برا کہنا،	
الفصل الاول فی رد الشرک العملی		اور ان کی قدر نہ کرنا، شعائر اللہ	
وفیہ اربع مسائل،		کو ہیچ سمجھنا۔ یہ سب ہتک عزت	
المسئلۃ الاولیٰ:		ہے۔ مشرکین و یہود ستائیں تو	
اللہ تعالیٰ کی حلال کردہ چیز کو مخلوق		چپکے بیٹھے رہنا بھی ہتک عزت ہے	
حرام نہیں کرسکتی۔ احلت لکم....	۱	المسئلۃ الرابعۃ	
المسئلۃ الثانیہ:		میتۃ، دم، خنزیر اور دیگر محرمات	
اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیز کو مخلوق		کی طرح نذر غیر اللہ بھی حرام ہے۔	۳
حلال نہیں کرسکتی۔ غیر محلی.....		بیان مسائل اربعہ کے بعد مسئلہ اولیٰ	
ہر دو مسئلوں کی علت اجمالیہ		کی شرائط کا ذکر۔	۴
ان اللہ یحکم ما یرید		اعادہ حلت محلاً اور امتنان الٰہی	
دعلۃ تفصیلیہ ب آیت ۹۴ لیعلم اللہ...)		..... الطیبات	۵

مضمون	آیت	مضمون	آیت
حِلّت ذبیحۂ اہلِ کتاب ۔ حل لھم	۵	اُس نے جس طرح تم کو پہلے بچایا تھا	
نکاح بہ کتابیہ والمحصنٰت....		اب بھی وہی بچائے گا فکف ایدیھم	۱۱
جواب سوال مقدر کہ جب کتابیہ سے		اس لیے ایفائے عہد کرتے ہُوئے	
نکاح جائز ہُوا تو شاید اہلِ کتاب کا		نہ تو ہتکِ عزت کرو اور نہ کرنے دو	
مذہب بھی صحیح ہو ۔ ومن یکفر		اور ان سے ہرگز نہ ڈرو بلکہ صرف	
امر مصلح کا بیان کہ بغض و کینہ اور حسد		اللہ سے ہی ڈرو .....واتقوا اللہ	
سے دِل پاک ہونے کے لیے یہ اُمور مُمد		اللہ پر توکل کرو وعلی اللہ فلیتوکل	
و مُعاون ہیں :	٦	المؤمنون	
فرضیّتِ صلوٰۃ ، اور اس کے لیے		دو نمونے ذکر کرکے	
فرضیّتِ وضو ۔		ترکِ جہاد پر ترہیب	۱۲
فرضیّتِ غسلِ جنابت		نمونہ ۱ ناقضین عہد و تارکینِ احکام کا	
مشروعیتِ تیمم ۔		یہود نے عہد توڑے حکم چھوڑے	
تشریعِ حکمِ تیمم پر اِمتنانِ الٰہی		سزا پائی ۔	۱۲
اِعادۂ تمہید (اوفوا بالعقود) بالفاظِ دیگر	۷	عہد شکنی کی سزا ۱ ..... لعناھم	۱۳
اِعادہ ولا یجرمنکم بالفاظِ دیگر ۔ یعنی		عہد شکنی کی سزا ۲ ..... قاسیہ	
اٰمر بالقسط بنو ۔ ظلم ہوتا دیکھ کر		عہد شکنی کی کیفیت ۱ .... مواضعہ	
چُپ بیٹھے رہنا بھی ظلم ہے ۔	۸	عہد شکنی کی کیفیت ۲ ... ذکروا بہ	
تبشیرِ اُخروی مُوفی العہد و آمرینِ		عہد شکنی کی کیفیت ۳ .... منھم	
بالقسط کو ۔	۹	نمونہ ۲ نصاریٰ نے عہد توڑے، حکم	
تخویفِ اُخروی عہد شکنوں کو	۱۰	چھوڑے ' سزا کے طور پر ان کے	
بعض نعمتوں کی یاد دہانی کرائی		درمیان بغض و عداوت ڈالی ۔	
...... علیکم	۱۱	تم بھی ایسا کرو گے تو سزا پاؤ گے ۔۔ ذکروا بہ	۱۴

مضمون	آیت
بیان سزائے عہد شکنی فاغرینا....	۱۴
الفصل الثانی فی رد الشرک الاعتقادی	
تمہیدًا اہلِ کتاب کو ایمان بالرسولؐ	۱۵
کی ترغیب، مع بیان صفاتِ حمیدہ	
الرسولؐ. تاکہ اہلِ کتاب اپنی حرکتوں	تا
(کتمان حق وخیانت فی الکتاب) سے	
باز آجائیں۔	۱٦
یہی رسولؐ کہتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام	
کو متصرف فی العالم کہنا چھوڑ دو، کہ	
یہ کفر ہے۔ ...... مریم	۱۷
عیسیٰؑ کے متصرف فی العالم نہ ہونے کی	
دلیل ..... جمیعًا	
اثبات اس دعویٰ کا کہ اللہ تعالےٰ ہی	
متصرف فی العالم اور قادر علی الاطلاق	
ہے، نہ عیسیٰ نہ مریم اور نہ کوئی اور۔	
وللہ	
شکویٰ یہود ونصاریٰ کے مشرک علماء	
ورہبان کا جو کہتے ہیں: نحن	
ابناء اللہ واحباءہ	۱۸
جواب شکویٰ قل فلم....	
اعادہ دلیل اثباتِ دعویٰ	
وللہ.....	

مضمون	آیت
اہلِ کتاب کو دعوت محمدیہ کی دوبارہ	
ترغیب، تاکہ حجت تام ہوجائے۔	
اور کوئی عذر باقی نہ رہے .... نذیر	
اعادہ دلیلِ دعویٰ واللہ	
مسئلہ بتانے کے بعد معاندین سے لڑو،	
نہ خود مقتول بنو اور نہ مسلمانوں کو ہی قتل	
ہونے دو، چپکے بیٹھے رہو گے اور	
دشمن سے دفاع نہ کرو گے تو تم مارے	
جاؤ گے اور ذلیل ہو گے، اس کے لیے	
دو نمونے ذکر کیے۔	
نمونہ ۱ قوم موسیٰ کا حال	۲۰ تا ۲٦
نمونہ ۲ قابیل وہابیل کا حال	۲۷ تا ۳۱
من اجل ذلك اس وجہ سے کہ چپکے	
بیٹھے رہنا مضر ہے کتبنا القتال	۳۲
قتلِ ناحق کی حرمت انہ من قتل...	
حکمِ سزائے قاطع الطریق (راہزن)	۳۳
حقوق العباد ناقابلِ معافی ہیں	۳۳ تا ۳۴
محاربین سے جہاد قربِ الٰہی کا باعث ہے	۳۵
تخویفِ اخروی منکرین کو	۳٦ تا ۳۷
حکمِ سزائے سرقہ	۳۸
حکمِ سارق تائب از سرقہ	۳۹
نتیجہ ان احکام کی اصل دلیل مسئلہ توحید ہے	۴۰

مضمون	آیت
تبشیر شرک فی التصرف نہ کرنے والوں کو	۶۹
زجر و تخویف اُخروی اہلِ کتاب کو	۷۰ و ۷۱
ما انزل الیکم من ربکم میں یہ تبلیغ	
بھی داخل ہے کہ عیسیٰؑ کو متصرف	
فی الامور سمجھنے والا کافر ہے۔	۷۲
ما انزل الیکم من ربکم میں یہ تبلیغ	
بھی داخل ہے کہ اقانیمِ ثلثہ کا قائل	
بھی کافر ہے۔	۷۳
اہلِ کتاب کو کفر و شرک سے	
توبہ کی دعوت۔	۷۴
توبہ کا طریقہ کہ عیسیٰ علیہ السلام کے	
بارے صحیح عقیدہ یہ ہے..... رسول	۷۵
دلائلِ ثلثہ بطلان الوہیتِ مسیحؑ کے	۷۵
قائلین الوہیتِ مسیح کو توبیخ کرنا بھی	
تبلیغ میں داخل ہے .... نفعًا	۷۶
دلیل اللہ کے اِلٰہِ واحد ہونے کی	۷۶
زجر و نصیحت اہلِ کتاب کو	
جو خلافِ حق میں اسلاف کے متبع ہیں	
...... غیر الحق	۷۷
عیسیٰ علیہ السلام کو غائبانہ متصرف	
فی الحاجات مت سمجھو۔	۷۷
تخویفِ دنیوی (اسلافِ یہود کے کرتوت)	۷۸

مضمون	آیت
داؤدؑ کی بددعا سے بندر بنے	۷۸
عیسیٰؑ کی بددعا سے خنزیر بنے	
عللِ ثلثہ ذٰلِکَ سے	۷۸
عصیان	
اعتداء	تا
عدم تناہی عن المنکر	۷۹
شکویٰ و زجر عہدِ نبویؐ کے منافقین کو	۸۰ و ۸۱
شدتِ تعصبِ یہود کا بیان .... اشرکوا	۸۲
قلتِ تعصبِ بعض نصاریٰ کا بیان	
یعنی نصاریٰ حبش ولتجدن.....	
تبشیر و مدح نومسلم نصاریٰ کی	۸۳
یہود کے عار دلانے پر نومسلم	۸۴ و
نصاریٰ کا جواب	۸۵
تخویفِ اُخروی کفار کو	۸۶
الفصل الثانی فی تنویر نفی الشرک العملی	
تنویر مسئلہ ۱	
تحریمات العباد غلط ہیں	
بوجہِ معبودانِ باطلہ حلال کو حرام نہ کرو	۸۷
بلکہ حلال سمجھ کر کھاؤ	۸۸
چونکہ حلال کو حرام کرنے سے یمین ہوجاتی	
ہے اس لیے بلا ضرورتِ شدیدہ قسمیں	
نہ کھاؤ، قسموں کی حفاظت کرو۔	۸۹

قرآنِ مجید کا پہلا حصہ "خلق" تمام ہُوا

رکوعاتہا ۲۰ | سُورَةُ الْأَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ ۶ ۵۵ | کلماتہا ۳۱۰۰
آیاتہا ۱۶۵ | | حروفہا ۱۲۹۳۵

رَدِّ شرک اور توحیدِ باری تعالیٰ پر دلائلِ عقلیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قرآن کریم کا دُوسرا حِصّہ (سُورۂ انعام سے سُورۂ اسراء تک) جس میں ربوبیتِ باری تعالیٰ کا بیان دُوسرے مضامین کی نسبت کثرت سے کیا جائے گا۔

ربط سورۃ الانعام بسورۃ المائدۃ

(۱) سُورۂ مائدہ میں نفی شرک اعتقادی و عملی کا ذکر تھا۔ اب سُورۂ انعام میں انہی مضامین کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا جائے گا۔

(۲) سُورۂ مائدہ میں نذر غیر اللہ کے مسئلہ میں صراحۃً صرف ذبح حیوانات کا ذکر تھا۔ اور باقی چیزوں کا ذکر ما اھل بہ لغیر اللہ کے ضمن میں آگیا تھا۔ اب سُورۂ انعام میں جانوروں کے علاوہ غلہ، اناج، پھل، میوے اور دُودھ وغیرہ اشیاء کا ذکر بھی صراحۃً ہوگا، جو نذر لغیر اللہ کے طور پر دی جائیں اور فرمایا کہ یہ بھی میتۃ و خنزیر کی طرح حرام ہیں۔

(۳) سورۂ مائدہ میں نفی شرک عملی پر دلائل قائم نہیں کیے اور سُورۂ انعام میں نفی شرک عملی پر بھی دلیل نقلی (۶: ۱۵۴) اور دلیل وحی (۶: ۱۵۵) بیان فرمائی۔

(۴) سُورۂ مائدہ میں تحریمات غیر اللہ کے مقابلہ میں تحریمات اللہ کا بھی ذکر ہے، اور نذر للہ و نذر لغیر اللہ کا بھی ذکر ہے اور سُورۂ انعام میں نذر للہ کا ذکر نہیں ہے اور تحریمات اللہ کی باقی شقیں تتمہ کے طور پر مذکور ہیں۔

(۵) ربط اسمی: ہاں ہم مائدہ ضرور اتاریں گے بشرطیکہ تُم انعام و حرث میں غیر اللہ کی نذر نہ دو اور غیر اللہ کی تحریم نہ مانو۔

○ سُورۂ انعام میں ایک مقصد اور ایک خاتمہ ہے۔ ● مقصد میں دو باب ہیں۔ ○ باب اوّل میں آیت نمبر ۱ تا ۹۴ دعویٰ توحید کے ہر دو جُز۔ کے دلائل بیان ہوں گے، جس کی دو فصلیں ہیں

فصل اوّل میں دعویٰ کی جزء اوّل (ہر کُن اللہ ہی ہے) کے دلائل ہیں۔ آیت نمبر ۱ سے آیت نمبر ۵۸ تک، فصل ثانی میں دعویٰ کی جزء ثانی (ہمہ دان اللہ ہی ہے) کے دلائل ہیں۔ آیت نمبر ۵۹ تا آیت نمبر ۹۴۔

○ باب ثانی میں نفی شرک عملی کا ذکر ہے۔ آیت نمبر ۹۵ تا ۱۶۰۔ جس کی ایک تمہید آیت نمبر ۹۵ سے آیت نمبر ۱۱۷ تک ہے اور ایک مقصد ہے جو دو فصلوں پر مشتمل ہے۔ فصل اول میں اجمالاً ردِ شرک عملی ہے۔ آیت نمبر ۱۱۸ تا آیت نمبر ۱۳۵۔ فصل ثانی میں تفصیلاً علیٰ سبیل التنویر ردِ شرک عملی آیت نمبر ۱۳۶ سے آیت نمبر ۱۶۰ تک ہے۔ اور پھر ○ خاتمہ آیت نمبر ۱۶۱ سے آیت نمبر ۱۶۵ تک سُورۂ انعام کا خلاصہ ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
مقصد		دلیل ۵	
الباب الاول فی بیان دلائل الجزئین		زجر	۴
لدعوی التوحید		شکویٰ متضمن بیان انجامِ تکذیب	
الفصل الاول فی بیان دلائل الجزء الاول		سبب عذاب منکرین	
من جزئی دعوی التوحید		حجت قائم ہونے کے بعد	
(یعنی اللہ خالق کل شیء)		..... جاءھم	۵
دعویٰ مع الدلیل العقلی (قضیہ فطریہ)		زجر مع تخویف دنیوی	
الحمد للہ	۱	نمونہ تخویف اُخروی	۶
تصریح دلیل اول		اسئلہ سبعہ کفار کی طرف سے	
الذی خلق السموٰت والارض		سوال ۱ (کتاب لاؤ ورنہ ہم آپ کی	
دلیل ۲ وجعل الظلمات والنور		بات نہیں مانیں گے) کا جواب	۷
شکویٰ ثم....		سوال ۲ (یا پھر آپ کے ساتھ فرشتہ ہو)	
دلیل ۳ ..... عندہ	۲	کا جواب	۸
شکویٰ		سوال ۳ (رسول فرشتہ ہی ہوسکتا ہے)	
دلیل ۴ ..... فی الارض	۳	کا جواب	۹

مضمون	آیت
دلیل عقلی مع تخویف اُخروی	۳۸
کہ باقی امم کا رازق و متصرف بھی اللہ	
ہی ہے. متعلق بہ دلیل عقلی	
ما فرطنا.....	
زجر	۳۹
دلیل عقلی علیٰ سبیل الاعتراف من الخصم کا	۴۰
طریقہ تعلیم ۱	۴۱
تخویف دُنیوی متضمن	۴۲ تا
تسلیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم	۴۵
دلیل عقلی علیٰ سبیل الاعتراف من الخصم کا	
طریقہ تعلیم ۲	۴۶
شکویٰ ثم هم یصدفون	
دلیل عقلی علیٰ سبیل الاعتراف من الخصم کا	
طریقہ تعلیم ۳ متضمن تخویف اخروی	۴۷
دلائل سے اقرار کروانے کے بعد	
سوال مندرجہ آیت ۳۷ کا جواب	۴۸
بشارت مومنین کو	
تخویف کفار کو	۴۹
سوال ۵ (اگر آپ رسول ہوتے تو	
مالدار ہوتے) کا جواب ..... اللہ	۵۰
سوال ۶ (اگر آپ رسول ہیں تو آئندہ	
تجارت میں ہونے والے نفع و نقصان	

مضمون	آیت
کی خبریں دیجیے) کا جواب لا اعلم الغیب	
سوال ۷ (اگر آپ رسول ہیں تو کھاتے	
پیتے کیوں ہیں اور بازاروں میں کیوں	
پھرتے ہیں) کا جواب .....الیٰ	
سوال مقدر کہ پھر آپ میں اور ہم میں	
کیا فرق رہا، کا جواب.....تتفکرون	
تخویف اُخروی	۵۱
تنبیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم	۵۲
مسئلہ نہ ماننے کی وجہ ۱	
بصورت قاعدہ کلیہ	۵۳
تبشیر المومنین	۵۴
مسئلہ نہ ماننے کی وجہ ۲	
بصورت قاعدہ کلیہ	۵۵
دلیل وحی کی تعلیم کا طریقہ ۴	
.....دون اللہ	۵۶
دلیل وحی کی تعلیم کا طریقہ ۵	
قل لا اتبع	
طریقہ تعلیم ۶	۵۷
طریقہ تعلیم ۷ ــــ سوال مقدر	
(کہ جب ہم مانتے نہیں تو عذاب لاؤ) کا	
جواب ۱	۵۸
(جواب ۲ فصل ثانی میں آئے گا)	

مضمون	آیت	مضمون	آیت
اللہ تعالیٰ کی پہچان صفات سے ہوتی ہے	۱۰۳	تفصیل آیت نمبر ۱۰۹ و ۱۱۰	۱۱۱
لا تدرکہ الابصار پر مرتب وھو اللطیف		مسئلہ نہ ماننے کی وجہ ۵	
وھو یدرک الابصار پر مرتب الخبیر		توحید کی تعلیم پر لوگوں کے دلوں میں	
امتنانِ الٰہی	۱۰۴	شیطان لوگ شبہات ڈالتے ہیں کہ	
ماننے والوں کو فائدہ		یہ شخص بے ادب ہے، اس لیے	
نہ ماننے والوں کو نقصان		اس کی بات نہ سنو، قاعدہ کلیہ ۵ ۱۱۲	و ۱۱۳
مسئلہ نہ ماننے کی وجہ ۳		فیصلہ الٰہی قرآن میں مفصل ہے۔	۱۱۴
اعراض عن الحق، اور یہ قول کہ		دلیل نقلی امم سابقہ کے اخبار اور	
محمدؐ کہیں سے سیکھ کر آتے ہیں،		رہبان سے	۱۱۴
قاعدہ کلیہ ۳ کی شکل میں	۱۰۵	سب دلائل سے یہ ناقابلِ نسخ دعویٰ	
دلائلِ عقلیہ کے بعد	۱۰۶	ثابت ہے کہ ھو السمیع العلیم	۱۱۵
دلیل ۱۲ دلیلِ وحی	و ۱۰۷	تنبیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۱۱۶	و ۱۱۷
تعلیم طریقۂ تبلیغ کہ نہ تو کفار کو ہی		الفصل الاول فی رد الشرک الفعلی اجمالاً	
گالی دو اور نہ ان کے معبودانِ		ان سب دلائل بالا پر متفرع امر ہے	
باطلہ کو۔ ..... بغیر علم	۱۰۸	کہ خود ساختہ تحریمات مت کرو	۱۱۸
مسئلہ نہ ماننے کی وجہ ۴		ماکولات سے نذر لغیر اللہ کا استثناء	
بطور قاعدہ کلیہ ۴ کہ مشرکانہ عمل		اجمالی۔	۱۱۹
بھلے لگتے ہیں۔ کذلک	۱۰۸	بیان المسئلہ شرک نہ کرو، نہ عملی،	
تخویف اخروی فینبئھم		اور نہ اعتقادی	۱۲۰
مطالبۂ آیات پر زجر و شکویٰ		حرمت نذر لغیر اللہ	۱۲۱
..... بھا	۱۰۹	بشارت مع التخویف	
جواب شکویٰ قل انما ... ۱۰۹ و	۱۱۰	..... منھا	۱۲۲

مضمون	آیت
مسئلہ نہ ماننے کی وجہ ۴ کا اعادہ	۱۲۲
بصورت قاعدہ کلیہ ۶	
مسئلہ نہ ماننے کی وجہ ۶	
بصورت قاعدہ کلیہ ۷ کہ ہر بستی کے	
بڑے مجرم دینِ حق مکر و فریب کی	
چالیں سوچتے ہیں اور لوگوں کو راہ	
حق سے روکتے ہیں۔	۱۲۳
شکویٰ ...... رسل	۱۲۴
جواب شکویٰ ..... رسالتہٗ	
تخویف اخروی سیصیب	
تبشیر ..... للاسلام	۱۲۵
زجر ومن یرد ...... فی السماء	
قاعدہ کلیہ ۸ کذٰلک.....	۱۲۵
نذر لغیر اللہ کی حرمت کا اجمالی ذکر	۱۲۶
تبشیر	۱۲۷
تخویف	۱۲۸
مسئلہ نہ ماننے کی وجہ ۷	
بصورت قاعدہ کلیہ ۹ کہ مشرک لوگ	
شرک میں اپنے پیر بھائی ہونے کی	
وجہ سے ایک دوسرے کے دوست	
ہوتے ہیں۔	۱۲۹
تخویف اُخروی	۱۳۰

مضمون	آیت
وجہ بعثتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم	۱۳۱
تخویف دُنیوی	۱۳۲
تخویف اُخروی	۱۳۳ تا ۱۳۵
تخویف اُخروی	
الفصل الثانی فی رد الشرک العملی	
تفصیلاً علی سبیل التنویر	
تنویر مسئلہ اُولیٰ نذر لغیر اللہ چھوڑ دو	
جانور ہو یا غلہ یا پھل اور میوے وغیرہ	۱۳۶
قاعدہ کلیہ ۱۰ معبودانِ باطلہ کی محبت	
میں مشرک لوگ اپنی اولاد کو قتل کرنا	
بھی پسند کرتے ہیں۔	۱۳۷
تحریمات العباد کی چار صورتیں	
صورت ۱ ..... بزعمهم	۱۳۸
صورت ۲ ..... ظهورها	
صورت ۳ ..... یفترون	
صورت ۴ وقالوا....	۱۳۹
ہر دو مذکورہ مسئلوں کا اعادہ	
علی سبیل اللف والنشر الغیر المرتب	
مسئلہ ۱ نذر لغیر اللہ کی حرمت	
.... بغیر علم	۱۴۰
مسئلہ ۲ تحریمات العباد	۱۴۰ و ۱۴۱
تنویر مسئلہ تحریمات العباد	۱۴۲

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ
اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ
وَسَلِّمْ

رکوعاتہا ۲۴ | ۷ | سُورَةُ الاَعرَافِ مَکِّیَّةٌ | ۳۹ | کلماتہا ۳۳۲۵
آیاتہا ۲۰۶ | | | | حروفہا ۱۴۰۱۰

توحیدِ باری تعالیٰ کے دلائلِ نقلیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط سورۃ الاعراف بسورۃ الانعام

(۱) اگر تم نے انعام وحرث میں غیر اللہ کو شریک نہ کیا اور ان سے غیر اللہ کی نذریں نہ دیں تو اللہ تعالیٰ تم کو نہ صرف دوزخ سے بلکہ اعراف سے بھی بچا کر جنت میں داخل فرمائے گا۔

(۲) سورۂ مائدہ و انعام میں نفی شرک اعتقادی وعملی کو تفصیلاً دلائل عقلیہ ونقلیہ وحیہ کے ساتھ مبرہن کیا۔ اب اعراف میں فرمایا کہ اب جرأت کے ساتھ بلا خوف وخطر یہ مسئلہ لوگوں تک پہنچاؤ، دل میں تنگی اور پریشانی نہ آنی چاہیے۔

(۳) سورۂ انعام میں، نفی شرک فی التصرف پر دلائل عقلیہ بالتفصیل اور دلیل نقلی حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بالتفصیل مذکور ہوئی اور باقی انبیاء سے بالاجمال اب سورۂ اعراف میں بعض انبیاء علیہم السلام سے دلائل نقلیہ بالتفصیل ذکر ہوں گے۔

(۴) سورۂ انعام میں نفی شرک فعلی (نذر لغیر اللہ، تحریمات العباد) کا تفصیلی ذکر ہوا، اب سورۂ اعراف میں تحریمات العباد کی ایک اہم صورت کا رد ہے یعنی عریاناً (ننگے) طواف کرنا جسے قرب الٰہی کا موجب سمجھا جاتا تھا اور کپڑے پہن کر طواف کرنے کو حرام اور گناہِ کبیرہ سمجھتے تھے۔

(۵) سورۂ انعام میں پہلے شرک فی التصرف کا رد تھا پھر شرک عملی کا اور سورۂ اعراف میں اس کے برعکس ہے اور سورۂ مائدہ کی ترتیب کے موافق ہے۔

(۶) سورۂ مائدہ و انعام میں شرک اعتقادی وعملی کو دلائل سے رد کیا، اب سورۂ اعراف میں کہا کہ اس مسئلہ کو بلا خوف تبلیغ کرو، اس اشاعتِ توحید اور ردِ شرک کے سلسلہ

میں تمھیں تکالیف و مصائب پہنچیں گے، وہ برداشت کرنے ہوں گے۔ اللہ تعالےٰ ان تکالیف کے بدلے میں تمھیں اجر دے گا اور درجات بلند کرے گا۔

○ سُورۂ اعراف تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید آیت نمبر ۱ تا ۵۸ ○ مقصد آیت نمبر ۵۹ تا ۱۷۷ ○ خاتمہ آیت نمبر ۱۷۸ تا ۲۰۵۔ پھر تمہید تین دعووں پر مشتمل ہے۔ ○ دعویٰ اُولیٰ آیت نمبر ۱ و ۲ ○ دعویٰ ثانیہ آیت نمبر ۳ تا ۵۲ ○ دعوےٰ ثالثہ آیت نمبر ۵۳ تا ۵۸۔ ● مقصد میں چار باب ہیں ○ باب اوّل آیت نمبر ۵۹ سے ۷۹ تک، بیان دعویٰ ثالثہ ○ باب ثانی آیت نمبر ۸۰ سے ۸۴ تک، بیان دعویٰ ثانیہ ○ باب ثالث، آیت نمبر ۸۵ سے ۹۳ تک، بیان دعویٰ ثانیہ و ثالثہ ○ تینوں بابوں کا حاصل آیت ۹۴ تا ۱۰۲، ○ باب رابع آیت نمبر ۱۰۳ سے ۱۷۷ تک، بیان دعویٰ اُولیٰ ● خاتمہ آیت نمبر ۱۷۸ تا ۲۰۵، اس کا تعلق تینوں دعووں سے ہے

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		تخویف اخروی	۶ و ۷
دعویٰ اُولیٰ	۱	تبشیر اُخروی فمن ثقلت....	۸
مسئلۂ توحید کو مردانہ وار پہنچاؤ	و ۲	تخویف اُخروی ومن خفت....	۹
ادخالِ الٰہی متفرع بر ما قبل		ترغیب مسئلہ	۱۰
فلا یکن....	۲	مسئلہ مقصودہ نفی تحریمات العباد	۱۱ تا ۲۵
دلیل دعویٰ اُولیٰ لتنذر بہ.....	۲	کے لیے آدم علیہ السلام و ابلیس کا قصہ	
دعویٰ ثانیہ		قصہ آدم و ابلیس سے مقصود ہیں	
اللہ کی حلال کردہ چیزوں کو شیطان		چار احکام	
کے بہکانے میں آکر حرام نہ کرنا۔		حکمِ اوّل لباس تقویٰ	۲۶
ما انزل کے تابع بنو اتبعوا....	۳	ابلیس کے گمراہ کرنے سے عموماً خصوصاً	
تنبیہ الغافلین قلیلا ما تذکرون	۳	تحذیر یابنی آدم لا یفتننکم...	۲۷
تخویف دنیوی	۴ و ۵	حکمِ ثانی ننگے طواف سے متعلق	۲۸

مضمون	آیت
موسیٰ علیہ السلام کی قوم کی گوسالہ پرستی ..... خوار	۱۴۸
.ادخالِ الٰہی الحوہیروا.....	
قوم کی پشیمانی اور اللہ سے دُعا	۱۴۹
واقعہ سادسہ	
گوسالہ پرستی کا انجام	۱۵۰ تا ۱۵۴
واقعہ سابعہ	
موسیٰ علیہ السلام کا ستر آدمیوں کو طُور پر لے جانا اور ان کا ماجرا	۱۵۵
موسیٰ علیہ السلام کی دُعا	۱۵۶
اللہ تعالیٰ کا جواب	
قال عذابی	
تبشیر مومنین اہلِ کتاب کو	۱۵۷
ثمرہ مرتب برقصۂ موسیٰ علیہ السلام	۱۵۸
واقعہ ثامنہ	
موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں بعض ہادی بھی ہیں	۱۵۹
بعض نعمِ مخصوصہ بنی اسرائیل کا ذکر کرکے اہلِ کتاب کا شکویٰ۔	۱۶۰ و ۱۶۱
تخویف دنیوی ۱ بنی اسرائیل پر نازل شدہ نقم کا بیان۔	۱۶۲

مضمون	آیت
تخویف دنیوی ۲ اہلِ سبت کے مسخ کا قصہ، جنھوں نے حیلِ باطلہ کے ساتھ حرام کو حلال کیا۔	۱۶۳ تا ۱۶۶
تخویف دُنیوی ۳	۱۶۷
شکویٰ اہل کتاب کا	۱۶۸
یہود کے بد جانشینوں کا	
خیالِ باطل .....یاخذوہ	۱۶۹
تردید ۱	۱۶۹ و ۱۷۰
تردید ۲	۱۷۱
تردید ۳	۱۷۲ تا ۱۷۴
تردید ۴	۱۷۵ تا ۱۷۷
خاتمہ	
فی متعلقات الدعاوی الثلثہ	
ہر سہ دعاوی کے متعلق متضمن	
تسلیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم	۱۷۸
دعویٰ ثانیہ کے متعلق	۱۷۹
دعویٰ ثالثہ (تنویر دعوے	
شرک اعتقادی)	۱۸۰
تائید دعوے اُولے	
متعلق بہ تبلیغ	۱۸۱
متعلق بہ دعویٰ اُولیٰ	۱۸۲ و ۱۸۳
شکویٰ مع زجر	۱۸۴

مضمون	آیت	مضمون	آیت
زجر بطور شکویٰ	۱۸۵ و ۱۸۶	تنویر دعویٰ ثانیہ	
شکویٰ متعلقہ بدعویٰ ثالثہ	۱۸۷	(نفی شرک فعلی)	
جوابِ شکویٰ ۱		اولاد لینے کے لیے غیر اللہ کی	
قل ..... ربی		نذریں دیتے ہیں۔	۱۸۹
جوابِ شکویٰ ۲		زجر	۱۹۱
لا یجلیہا..... ھو		تنویر دعویٰ ثالثہ	
جوابِ شکویٰ ۳		نفی شرک اِعتقادی	۱۹۴ تا ۱۹۸
ثقلت .... والارض		تسلیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم	
جوابِ شکویٰ ۴		متعلق بہ دعوے ۱	۱۹۹
لا ..... بغتۃ		متضمن طریقہ تعلیم وتبلیغ	و ۲۰۰
اعادۂ شکویٰ مع جواب شکویٰ ۵		تنویر دعوی ۲	۲۰۱
یسئلونک ..... لا یعلمون		نفی شرک فعلی	و ۲۰۲
جوابِ شکویٰ ۶	۱۸۸	شکویٰ مع جواب شکویٰ	۲۰۳
قل لا املک ..... شاء اللہ		تنویر دعویٰ ثالثہ	
جوابِ شکویٰ ۷		و ترغیب الی القرآن	
لو کنت ...			
جواب سوال مقدر		طریقۂ ذکر	۲۰۵
ان انا.....		(تمت سورۃ الاعراف)	

کلماتہا ۸۶۰ | ۵۶ | سُوْرَۃُ الصّٰفّٰتِ مَکِّیَّۃٌ | ۳۷ | رکوعاتہا ۵
حروفہا ۳۸۲۶ | | | | آیاتہا ۱۸۲

کُفّار کے مزعومہ شفعاء خود مصائب میں خدا کے حضور گڑگڑاتے ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط سورۃ الصّٰفّٰت بسورۃ یٰسٓ

① سُورۂ یٰسٓ میں تھا کہ ہم نے مشرک قوموں کو تباہ کیا اور ان کے مزعومہ شفعاء نے انھیں نہ بچایا۔ اور اب سُورۃ الصّٰفّٰت میں ترقی ہے کہ بچانا تو رہا بجائے خود وہ تو مصائب میں اپنے عجز کا اعتراف کرتے ہُوئے اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں صف بستہ کھڑے رہتے ہیں اس لیے وہ شفیع غالب نہیں ہو سکتے۔

○ یہ سورت مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ● مقصد (آیت نمبر ۱ تا ۱۷۹) میں دو باب ہیں۔ ○ پہلے باب (۱ تا ۱۴۸) میں تین فصلیں ہیں۔ ○ پہلی فصل (۱ تا ۵) میں ملائکہ کا حال۔ ○ دوسری فصل (۶ تا ۶۲) میں جنّات کا حال۔ اور ○ تیسری فصل (۶۳ تا ۱۴۸) میں انبیاء کا حال مذکور ہے۔ ○ دوسرے باب (۱۴۹ تا ۱۷۹) میں پہلے باب کی تینوں فصلوں کی تنویریں اور مذکورہ امور کا اعادہ ہے۔ ● خاتمہ (۱۸۰ تا ۱۸۲) میں سورت کا خلاصہ اور دعویٰ ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
مقصد		دلیل عقلی بر دعویٰ	۵
الباب الاول نفی شفاعۃ قہریہ		**الفصل الثانی**	
الفصل الاول		حالِ جنّات	۶ تا ۱۰
حالِ ملائکہ بصورتِ قسم	۱ تا ۳	شکویٰ مع تخویف	۱۱
جوابِ قسم۔ دعویٰ	۴	اِضراب، چھوڑو ان سے سوال بے سود ہے	۱۲ تا ۱۴

سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ (۳۸) (۳۸)

رکوعاتہا ۵ — آیاتہا ۸۸ — کلماتہا ۷۳۲ — حروفہا ۳۰۶۷

کُفار کے مزعومہ شفعا خود بھی مصائب میں مُبتلا ہو جاتے ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربطِ سورۃ صٓ بسورۃ صٰفّٰت

(۱) سُورۃُ الصّٰفّٰت میں تھا کہ مشرکین کے مزعومہ شفعاء، تو خود عاجز ہیں اور اپنی عاجزی کا اعتراف کرتے ہُوئے اللّٰہ تعالیٰ کو پکارتے ہیں تو پھر وہ شفیع غالب کس طرح بن سکتے ہیں۔ اور اب سُورۃ صٓ میں بطور ترقی کے فرمایا کہ وہ خود اظہارِ عجز کے علاوہ اپنی جسمانی تکالیف اور آزمائشوں میں مُبتلا ہو جاتے ہیں، تو وہ کس طرح شفیع غالب بن سکتے ہیں۔

○ یہ سورت تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (آیت نمبر ۱ تا ۱۶) میں ترغیب الی القرآن، تسلیم صبر اور تسلیۃ النبیؐ ہے۔ ○ مقصد (آیت ۱۷ تا ۸۷) میں تین فصلیں ہیں۔ ○ فصل اوّل میں احوال ابتلاء داؤد و سلیمان و دیگر انبیاء علیہم السلام ○ فصل ثانی میں احوالِ ملائکہ۔ اور ○ فصل ثالث میں احوالِ جنات ہیں۔ ○ خاتمہ میں تخویف ہے

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		ءانزل کا جواب ۱ یہ ہے کہ انھوں نے میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھا۔ بل لما......	۸
مدعا بیانِ شاہد	۱ و ۲		
تخویف دنیوی	۳		
زجر و شکوٰی	۴	ءانزل کا جواب ۲	۹
نفی شرک فی التصرف	۵ و ۶	جواب ۳	۱۰
علّتِ "ان ھٰذا لشیءٌ یراد" کی	۷	تسلیۃ النبیؐ	۱۱
کفار کا مانع ایمان شک فی القرآن ہے	۸	تخویف دنیوی	۱۲ و ۱۳

مضمون	آیت
زجر	۱۴
شکویٰ	۱۵
تسلیہ	۱۶
مقصد	
الفصل الاول احوال انبیاءؑ	
تعلیم صبر بطور تمہید	۱۷
دلیل نقلی بر اثبات دعویٰ	
از داؤدؑ مع اوصاف داؤدؑ	۱۷ تا ۲۰
واذکر	
ابتلاء داؤدؑ .... قلیل ماھم ۲۱ تا ۲۴	
استغفار داؤدؑ وظن	
قبولیت دعا	۲۵
خلافت داؤدؑ و تنبیہ	۲۶
دلیل عقلی بر دعویٰ توحید	۲۷
تخویف اخروی فویل	
زجر	۲۸
دلیل وحی	۲۹
حکمت نزول قرآن لیدبروا....	
دلیل نقلی از سلیمانؑ	۳۰ تا ۳۳
مع اوصاف سلیمانؑ	
ابتلاء سلیمانؑ	۳۴
دعاء سلیمانؑ	۳۵

مضمون	آیت
قبولیت دعا	۳۶ تا ۴۰
دلیل نقلی از ایوبؑ	۴۱ تا ۴۴
دلیل نقلی از ستہ انبیاءؑ اجمالاً	۴۵ تا ۴۸
اصل مقصد نصیحت کرنا اور سمجھانا ہے۔ ھٰذا ذکر	۴۹
بیان حال متقین	
وان .... ھٰذا	۴۹ تا ۵۵
بیان حال اشرار وان	۵۵ تا ۵۸
مکالمہ اہل جہنم کا	۵۹ تا ۶۴
الفصل الثانی احوال ملائکہ	
اصل دعویٰ سورت بطور تمہید	۶۵ و ۶۶
بیان اہمیت دعویٰ	۶۷
شکویٰ	۶۸
جواب سوال مقدر	۶۹ و ۷۰
بیان حال ملائکہ	۷۱ تا ۷۳
الفصل الثالث احوال جنات	
بیان حال جنات	۷۴ تا ۸۵
جواب سوال مقدر	۸۶ تا ۸۷
خاتمہ	
تخویف	۸۸

سبحٰنک اللھم وبحمدک اشھد ان لا الٰہ الا انت
استغفرک و اتوب الیک۔ درود شریف سربار

رکوعاتہا ۸ | (۳۹) سُورَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ (۵۹) | کلماتہا ۱۱۷۲
آیاتہا ۷۵ | | حروفہا ۴۹۰۸

سبا سے صٓ تک پانچ سُورتوں کا نتیجہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط سُورۃ زمر بسُورۃ صٓ

(۱) سُورۂ صٓ میں تھا کہ جن کو مشرک شفیع غالب سمجھتے ہیں وہ تو خود تکالیف میں بطور امتحان و ابتلاء کے پکڑے جاتے ہیں' اس لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کوئی شفیع غالب نہیں ہے۔ اور اب سُورۂ زمر میں بتائیں گے کہ اہلِ توحید اور غیراللہ کو شفیع غالب ماننے والے مشرک مختلف گروہوں میں بٹ جائیں گے۔ اہلِ توحید جنت میں جائیں گے اور غیراللہ کو شفیع غالب ماننے والے مشرک جہنم میں۔

(۲) سُورۂ سبا میں نفی شفاعت قہریہ کا ذکر تھا، سُورۂ فاطر میں اس پر تفریع تھی کہ جب غیراللہ شفیع غالب نہ ہوئے اور کارساز و غیب دان صرف اللہ تعالیٰ ہی ہوا تو پھر حاجات میں مافوق الاسباب امور میں صرف اسی کو پکارو۔ اس کے بعد سُورۂ یٰسٓ، سُورۂ صٰفّٰت اور سُورۂ صٓ' تینوں سُورتیں سورۂ سبا پر مرتب ہیں جن میں علیٰ سبیل الترقی نفی شفاعت قہریہ کی گئی ہے۔ اب سُورۂ زمر سُورۂ فاطر پر مرتب ہے جبکہ اس سُورۃ کا کچھ حصّہ سُورۂ سبا پر بھی مُرتّب ہے۔ والذین اتخذوا من دونہ اولیاء ما نعبدھم .... اور ام اتخذوا من دون اللہ شفعاء۔ مطلب یہ ہُوا کہ جب اللہ تعالیٰ کے سوا نہ کوئی ہمہ دان ہے' نہ ہمہ کُن اور نہ اس کی بارگاہ میں کوئی شفیع غالب ہے تو پھر ہر قسم کی عبادت بھی تو اللہ تعالیٰ ہی کی بجا لاؤ، اور حاجات میں بھی مافوق الاسباب امور میں اللہ تعالیٰ ہی کو پکارو۔

○ یہ سُورۃ تمہید' مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید میں ترغیب الی القرآن ہے ○ مقصد میں تین بار دعویٰ کا دلائل کے ساتھ ذکر ہے۔ اور ○ خاتمہ میں تفصیل مجازات ہے۔

مضمون	آیت
تمہید	
دلیلِ وحی برحقیتِ قرآن	۱
و ترغیب الی القرآن .... بالحق	و ۲
مقصد	
دعویٰ ۱ متفرع بر سورۂ ص، کہ	
جب غیر اللہ ابتلاءً ماخوذ ہیں اور	
شفیع غالب بھی نہیں تو صرف	
اللہ تعالیٰ کو پکارو فاعبدوا.....	۲
تنبیہ .... الخالص	۳
شکویٰ متضمن عقیدۂ مشرکین	
والذین .... زلفیٰ	
تخویف اخروی ان اللہ........	
ردّ عقیدۂ مشرکین ......مایشاء	۴
دلیل توحید اجمالی سبحنہ.....	
دلیل عقلی تفصیلی ۱	۵
دلیل عقلی تفصیلی ۲ ...... ثلث	۶
ثمرۂ دلائل ۱ ذلکم اللہ.......	
تخویف اخروی ......کفر	۷
تبشیر مومنین وان تشکروا......	
زجر بصورت شکویٰ ...... سبیلہ	۸
تہدید و تخویف متعلق بہ شکویٰ	
قل تمتع	

مضمون	آیت
ترغیب الی التوحید متضمن	
تقابل مومنین و کفار	۹
ترغیب الی الاسلام بصورت	
بشارتِ دارین	۱۰
دلیلِ وحی مع ذکرِ دعویٰ ۲	۱۱ تا ۱۳
دعویٰ توحید کے اعلان کا حکم	۱۴
امر توبیخی .... دونہ	۱۵
تخویف اخروی متعلق بہ دلیلِ وحی	
قل ان الخاسرین..........	
شرح خسرانِ کفار..... ظلل	۱۶
شفقتِ الٰہی بصورتِ نصیحت	
ذلک یخوف	۱۶
تبشیر	۱۷ و ۱۸
تخویف متضمن نفی اختیار نبی	۱۹
استدراک و تبشیر	۲۰
دلیل عقلی تفصیلی ۳ متضمن	
تنبیہ بر سرعتِ فناء دنیا	
.... حطاما	۲۱
بیان مستفیدین ان فی ذلک.....	
ثمرہ دلیل عقلی بصورت تقابل مومن و کافر	۲۲
دلیلِ وحی متضمن کمالات کلام اللہ	۲۳
تخویف اخروی علیٰ سبیل الاعتراف من خصم	۲۴

مضمون	آیت	مضمون	آیت
خاتمہ در تفصیل مجازات بروز قیامت	۷۱ تا ۷۵	تخویف اخروی	۷۱ و ۷۲
		تبشیر اخروی	۷۳ تا ۷۵

رکوعاتہا ۹ — آیاتہا ۸۵ — (۴۰) سورۃ حٰم المؤمن مکیۃ (۶۰) — کلماتہا ۱۱۹۹ — حروفہا ۴۹۶۰

سورت زمر کے دعوے کی تفسیر و تشریح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ربط سورۃ حٰم مومن بسورۃ زمر

(۱) سورۂ زمر میں، دو گروہوں کا ذکر تھا یعنی جنتی اور جہنمی۔ اور اب سورۂ حٰم مومن میں آلِ فرعون میں سے ایک مومن کا قول بیان فرمایا کہ مسئلۂ توحید کو ماننے والا جنتی ہے، اور نہ ماننے والا جہنمی ہے۔

(۲) سورۂ زمر کا مرکزی دعویٰ تھا فاعبد اللہ مخلصا لہ الدین، اور آنے والی تین سورتوں میں تفصیل سے بیان فرمایا کہ پکار کے لائق صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ پھر سورۂ زمر میں نفی شفاعت قہریہ کا ذکر تھا ام اتخذوا من دون اللہ شفعاء۔ اور سورۂ زخرف میں اس کا تفصیلی و مدلل بیان ہوگا۔

○ یہ سورۃ تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (آیت ۱ تا ۱۳) میں ترغیب الی القرآن متضمن دلیلِ وحی۔ ○ مقصد (آیت ۱۴ تا ۷۸) میں دو فصل ہیں۔ ○ فصل (۱۴ تا ۶۵) میں بیانِ توحید۔ اور ○ فصل ثانی (۶۶ تا ۷۸) میں نفی شرک اعتقادی ہے۔ ○ خاتمہ (۷۹ تا ۸۵) میں دلیلِ توحید و تہدید منکرین ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید	۱ تا ۱۳	شکویٰ .... الذین کفروا	۴
ترغیب الی القرآن	۱ تا ۳	طریقۂ اصلاح ۱ فلا یغررک	۴

مضمون	آیت	مضمون	آیت
نفی شفاعت قہریہ فما اغنیٰ.....	۸۲	دعویٰ کی سلبی جزء	
ثمرۂ دلیلِ عقلی	۸۴	وکفرنا.......	۸۴
دعویٰ کی ایجابی جزء		ایمانِ یاس کا نافع نہ ہونا	۸۵
اٰمنا باللہ وحدہ		○	

رکوعاتہا ۶ — (۴۱) — سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ مَکِّیَّۃٌ — (۶۱) — کلماتہا ۷۹۶

آیاتہا ۵۴ — حروفہا ۳۳۵۰

کُفّار کے ایک شبہ کا جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط سورۃ حٰمٓ السجدہ بسورۃ حٰمٓ المومن

(۱) حٰم مومن کا دعویٰ تھا کہ حاجات و مشکلات میں مافوق الاسباب صرف اللہ تعالیٰ کو پکارو۔ اور اب حٰم السجدہ میں ایک شبہ کا جواب دیا کہ بعض اوقات دیکھا گیا ہے کہ مصیبت میں مبتلا آدمی غیر اللہ کو پکارتا ہے اور غیر اللہ کی خوشنودی کے لیے نذر مان لیتا ہے تو وہ مصیبت ٹل جاتی ہے۔ اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ مصیبت میں مبتلا آدمی خواب میں کسی پیر فقیر کو یہ کہتے ہوئے دیکھتا سُنتا ہے کہ تو نے ہماری نذر و نیاز دینے میں کوتاہی کی ہے اس لیے تو مصیبت میں گرفتار ہے۔ تو اس شبہ کا جواب آیت نمبر ۲۵ میں دیا کہ یہ سب شیاطین کی شرارتیں ہیں کہ وہ انسان کو مسِ شیطانی سے تکلیف پہنچاتے ہیں یا خواب میں مختلف شکلوں میں آکر آدمی کو شرک سکھاتے ہیں۔ اس لیے فاستقیموا الیہ واستغفروہ کا حکم ہوا کہ ان شیاطین کے کہے میں نہ آنا، توحید پر قائم رہنا اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگنا اور صرف اسی کے آگے سجدہ کرنا۔

○ یہ سُورت بھی تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (آیت ۱ تا ۲۴)

میں ترغیب الی القرآن مع ذکر اوصافِ خمسہ قرآنِ حکیم ہے۔ نیز حقیتِ رسالت، عقوبتِ مشرکین اور اجرِ موحدین وغیرہ کا ذکر ہے۔ ○ مقصد (آیت ۲۵ تا ۵۳) میں کفار کے ایک شبہ کا جواب، اور ○ خاتمہ میں فرمایا کہ اللہ ہی ہر شے کو محیط ہے۔

مضمون	آیت
تمہید	
اہمیتِ قرآن	۲
ترغیب الی القرآن (اوصافِ خمسہ)	۳
۱ ....آیاتہ	
۲ قرآنًا	
۳ عربیًا	
۴ بشیرًا	۴
۵ نذیرًا	
شکویٰ ۱ فاعرض.....	
شکویٰ ۲	۵
جوابِ شکویٰ .... واستغفروہ	۶
اصل دعویٰ (صراحۃً) اور	
دلیلِ وحی (ضمنًا) .....الواحد	
امرِ استقامت واستغفار	
فاستقیموا..........	
تخویفِ اخروی متعلق بہ	۶ و ۷
جوابِ شکویٰ وویل.........	
تبشیرِ اخروی	۸
دلیلِ عقلی بر اصل دعویٰ	۹ تا ۱۲

مضمون	آیت
بضمن شکویٰ تفسیرِ دعویٰ نہ ماننے کی	
وتجعلون	۹
زجر مع تخویفِ دنیوی متعلق بہ	
دلیلِ عقلی	۱۳
بیانِ حالِ صاعقہ (کڑک)	۱۴
شکویٰ قومِ عاد	۱۵
بیانِ سزائے استکبار (تکبر)	۱۶
شکویٰ قومِ ثمود	۱۷
تبشیرِ دنیوی مومنین کو	۱۸
تخویفِ اخروی متعلق بہ	۱۹ و ۲۰
دلیلِ عقلی	
مباحثہ مابین مجرمین وجلود (چمڑے)	۲۱
ادخالِ الٰہی ۱ اثباتِ قیامت و	
تخویف وھو خلقکم......	
ادخالِ الٰہی ۲ متعلق بہ	۲۲ تا ۲۴
تخویفِ اخروی	
مقصد	
جوابِ شبہ ۱ اور	
گمراہی کے سبب کا بیان	۲۵

مضمون	آیت
شکویٰ عہدِ نبویؐ کے کفار کا، مع بیان اسبابِ رسوائی	۲۶
تخویف متعلق بہ شکویٰ، مع بیانِ نتائج۔	۲۷ تا ۲۹
"قیضنالہم قرناء" کے مقابل لوگوں کا حال اور اسبابِ سعادت	۳۰ تا ۳۲
طریقۂ تبلیغ مقابل قولِ کفار "لاتسمعوا..." وبیان اسبابِ کامیابی	۳۳ تا ۳۵
شکوک کے دفعیہ کے لیے استعاذہ اور دلائل میں غور کریں۔	۳۶
دلیل عقلی بر توحید (قدرت کے نمونے) نفی شرک فی التصرف	۳۷
ادخالِ الٰہی	۳۸
دلیل عقلی متضمن اثباتِ بعث و تنویرِ دعویٰ	۳۹
تخویف اخروی علیٰ سبیل الاستفہام تفصیل اجمال افمن یلقیٰ..... امر تہدید اعملوا..... وسعت علم الٰہی انہ بما.....	۴۰
شکویٰ منکرینِ قرآن علیٰ سبیل الترقی	۴۱
اوصافِ قرآن وانہٗ	۴۱ و ۴۲
تسلیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم	۴۳

مضمون	آیت
جواب سوال مقدر کہ قرآن عجمی زبان میں نہیں	۴۴
نتیجہ ایمان بر قرآن قل ھو......	
نتیجہ انکارِ قرآن والذین لا.....	
جواب سوالِ مقدر کہ قرآن یکدم نہیں اترا	۴۵
جواب سوالِ مقدر کہ ہم نہیں مانتے تو عذاب کیوں نہیں آتا؟ ولولا کلمۃ.....	
ادخالِ الٰہی بصورتِ نتیجہ تبشیر و تخویف	۴۶
دلیل عقلی علیٰ سبیل الترقی .....بعلمہ	۴۷
تخویفِ اخروی ویوم ینادیہم	۴۷ و ۴۸
شکویٰ .... للحسنیٰ	۴۹ و ۵۰
اِدخالِ الٰہی اثناءِ شکویٰ میں بصورت تخویف اخروی فلننبئن.....	۵۰
بیانِ حالِ کافر	۵۱
زجر متعلق بہ شکویاتِ اربعہ	۵۲
تخویف دنیوی	۵۳
دلیل عقلی (نفی شرک فی العلم) اولم یکف......	
خاتمہ	
تخویف اخروی	۵۴

سبحٰنک اللہم وبحمدک اشہد ان لا الٰہ الا انت استغفرک واتوب الیک۔ اللہم صل علی محمد۔ الخ

الہدیٰ ۲۵

کلماتہا ۸۶۰	۶۲	سُورَةُ حٰمٓ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ	۴۲	رکوعاتہا ۵
حروفہا ۳۵۸۸				آیاتہا ۵۳

کُفّار کے مزید ایک شبہ کا جواب

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ربط سُورۃ حٰمٓ الشوریٰ بسورۃ حٰمٓ السجدۃ

(۱) سُورۂ حٰمٓ سجدہ میں کفار کے ایک شبہ کا جواب تھا۔ اور اب سُورۂ حٰمٓ شُوریٰ میں فرمایا کہ کُفّار کا ایک شبہ اور بھی ہے کہ "پہلی کتابوں میں لکھا ہُوا ہے کہ غیر اللہ کی پکار جائز ہے، اور آپؐ حرام اور شرک کہتے ہیں" اس کا جواب اس سُورت میں دیا کہ تمام انبیاءؑ کی طرف یہی وحی کی جاتی رہی ہے کہ غیر اللّٰہ کو مت پکارو' اور تمام آسمانی کتب میں یہی تعلیم دی گئی تھی۔ مگر باغی علماء اور گمراہ پیشواؤں نے ان کتب میں تحریف اور تدلیس سے کام لیتے ہُوئے مشرکانہ مضامین لکھ کر شامل کر دیے اور ان کے بعد آنے والے لوگوں نے اسے سچ سمجھ لیا اور عقل سے کام نہ لیا اور یہ بعد میں آنے والے لوگ معذور نہیں ہیں۔

سُورۂ حٰمٓ شوریٰ میں تین طبقوں کا ذکر آئے گا: ○ موحدین متبعین انبیاء (علیہم السلام) ○ باغی لوگ جنھوں نے کتبِ سماویہ میں تحریف کی۔ ○ باغیوں کی اتباع کرنے والے۔

○ سُورت حٰمٓ شوریٰ بھی تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (۱ تا ۱۵) میں دو دعووں کا ذکر ہے ○ توحید باری تعالیٰ و نفی شرک فی التصرف۔ ○ مسئلہ توحید پر تمام انبیاء کرامؑ کا اجماع ہے، جو طبقۂ اولیٰ ہے۔ ○ مقصد (۱۶ تا ۴۸) میں کُفّار کے شبہ کا جواب کہ جب مسئلۂ توحید پر تمام انبیاءؑ کا اجماع ہے تو کتبِ سابقہ میں اس کے خلاف کیوں لکھا ہُوا ہے۔ اور ○ خاتمہ (۴۹ تا ۵۳) میں دونوں دعووں کا اعادہ ہے۔

مضمون	آیت
تمہید	
جوابِ شبہ ۲ کہ طبقۂ ثالثہ کیوں معذور نہیں؟	۳
دعویٰ اُولیٰ	۴
دلیل نقلی بر دعویٰ (استشہاد)	۵
زجر مع تخویف	۶
ترغیب اِلیٰ القرآن مع تخویف و تبشیر	۷ و
دلیل نقلی بر صداقتِ قرآن مع حکمت نزول بزبانِ عربی	۸
شکویٰ .... اولیاء	۹
تصرف صرف اللہ کا ہے فاللہ.....	
بعث حق ہے وھو یحیی الموتیٰ	
عموم قدرت باری تعالیٰ وھو علیٰ...	•
اِختلاف کا فیصلہ اللہ کے حوالے ..... الی اللہ	۱۰
ربوبیت صرف اللہ میں منحصر ہے ذٰلکم اللہ...	
خالقیت صرف اللہ میں منحصر ہے .... فیہ	۱۱
دیگر صفات باری تعالیٰ لیس......	
جوابِ سوالِ مقدر کہ کفار عیش میں کیوں ہیں؟	۱۲
دعویٰ ثانیہ کہ اس مسئلہ پر طبقۂ اُولیٰ	
یعنی انبیاء کرامؑ کا اجماع ہے۔	۱۳
بیان حال طبقۂ ثانیہ یعنی باغیوں کا	۱۴
جوابِ سوالِ مقدر کہ باغیوں پر عذاب	
کیوں نہ آیا؟ ولولا کلمۃ.....	
بیان حال طبقۂ ثالثہ متبعین بغاۃ وان.....	

مضمون	آیت
ماقبل پر متفرع امورِ اربعہ	
۱۔ فلذلک فادع	۱۵
۲۔ واستقم کما امرت	
۳۔ ولا تتبع اھواءھم	
۴۔ وقل اٰمنت بما انزل اللہ	
مقصد	
دلیل ۱ بر جوابِ شبہ ۲	۱۶
دلیل ۲ بر جوابِ شبہ ۲	۱۷
تخویف اخروی متعلق بہ "الیہ المصیر"	۱۷ و
ومایدریك.........	۱۸
تنویر دعویٰ متعلق بہ جزء اوّل	۱۹
ترغیب الیٰ التوحید و تزہید من الدنیا	۲۰
تنویر دعویٰ ثانیہ کہ غیر اللہ کی پکار بنانا کی	
تراشیدہ ہے .... بہ اللہ	۲۱
جواب سوال مقدر کہ باغیوں پر	
عذاب کیوں نہیں اُترا ولولا....	
ترہیب وان الظالمین ..... ۲۱ و	۲۲
تبشیر والذین اٰمنو......	۲۲
ترغیب الیٰ القرآن و صداقت رسولؐ	۲۳
شکویٰ .... کذبا	۲۴
جوابِ شکویٰ فان یشاء	
ترغیب متعلق بہ دعوئے اُولیٰ ...... السیئات	۲۵

رکوعاتہا ۷ | ۴۳ | سُورَۃُ الزُّخْرُفِ مَکِّیَّۃٌ | ۶۳ | کلماتہا ۸۴۸
آیاتہا ۸۹ | | | | حروفہا ۳۶۵۶

شفیعِ غالب کہنے والوں کے شُبہ کا جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط سورۃ الزخرف بسورۃ حٰمٓ الشوریٰ

(۱) سُورۂ شوریٰ میں اس شبہ کا جواب تھا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دعویٰ توحید باری تعالیٰ سابقہ کتبِ سماویہ کے خلاف ہے۔ اور اب سُورۂ زخرف میں اس شبہ کا جواب ہے کہ پیروں فقیروں اور انبیاء کو ہم شفیع سمجھ کر پکارتے ہیں اس لیے کہ اللہ تعالیٰ بڑی اُونچی شان والا ہے وہ ہم جیسے گنہگاروں کی سُنتا نہیں اور ان بزرگ ہستیوں کی ٹالتا نہیں، ورنہ ہم بخوبی جانتے ہیں کہ متصرف و مُختار، حاجت روا اور مشکل کشا تو درحقیقت صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

○ یہ سورت ایک لمبی تمہید اور مختصر سے مقصد پر مشتمل ہے، گویا اس مصرع کا مصداق ہے:

تمنا مختصر سی ہے مگر تمہید طولانی

○ تمہید (آیت نمبر ۱ تا ۸۵) میں ترغیب الی القرآن مع دلائل سہ گانہ۔ ○ مقصد (۸۶ تا ۸۹) میں دعویٰ سُورت ہے جس میں مشرکین کے اس سوال کا جواب دیا گیا ہے کہ ہم پیروں فقیروں کو محض شفیع قہری سمجھ کر پکارتے ہیں پھر مشرک کیسے ہُوئے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		تسلیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم	۶ تا ۸
ترغیب الیٰ القرآن	۲	دلیل عقلی بر دعویٰ توحید	
حکمتِ قرآن کے عربی میں ہونے کی	۳	علیٰ سبیل الاستشہاد	۹
عظمتِ قرآن	۴	ادخالِ الٰہی برائے تنویر دعویٰ	۱۰ تا ۱۴
زجر کفار کے تیوری چڑھانے پر	۵	ادخالِ الٰہی در ادخالِ الٰہی کذٰلک تخرجون	۱۱

مضمون	آیت
جواب سوال مقدر کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عبادت جائز ہے تبھی تو نصاریٰ اُن کی عبادت کرتے ہیں، اور ہم نے اگر ملائکہ کی عبادت کر لی تو کون سا جُرم ہو گیا؟	۵۷ تا ۶۰
تخویف اُخروی ۶۱ و ۶۲	۶۱ و ۶۲
دلیل نقلی تفصیلی ۳ از عیسیٰؑ ۶۳ و ۶۴	۶۳ و ۶۴
جواب سوال مقدر کہ پھر نصاریٰ میں شرک کیونکر آگیا؟..... بینہم	۶۵
تخویف فویل للذین...... ۶۵ تا ۶۷	۶۵ تا ۶۷
تبشیر اخروی ۶۸ تا ۷۰	۶۸ تا ۷۰
جنت میں ملنے والی نعمتوں کی تفصیل۔	۷۱ تا ۷۳
کلام متعلق بہ تخویف ۷۴ تا ۷۷ ادخالِ الٰہی	۷۴ تا ۷۷
بر بیان انصاف خداوندی	۷۶
جہنم کے عذاب سے تنگ آکر مشرکوں کا موت مانگنا، اور جہنم کے داروغہ کو پکارنا۔	۷۷
داروغہ کا جواب قال.....	
شکویٰ مشرکین کا	۷۸
زجر و پیش گوئی	۷۹ و ۸۰

مضمون	آیت
اِعادہ درسِ توحید متعلق بہ آیت ۱۵	۸۱
تنزیہ رحمٰن	۸۲
حکم قطع تعلق کا کفار سے	۸۳
اِعادہ دعوئ توحید کے ہر دو جزء کا۔	۸۴
حصر برکات دہندگی کا اللہ میں، خصوصیت علمِ قیامت کی اللہ تعالیٰ کے لیے...... الساعۃ	۸۵
تخویف والیہ........	
مقصد	
دعوئے سُورت کا مُستثنیٰ منقطع الا من شہد......	۸۶
شکویٰ بضمن دلیلِ توحید علیٰ سبیل الاعتراف من خصم	۸۷
تخویف بصورت ذکر قسم نبیؑ اور اصل لفظ تخویف کا قرائن کی وجہ سے حذف ہے، یعنی لیہلکنہم	۸۸
حکم اعراض منکرین سے نبیؐ کو .... سلم	۸۹
تخویف اخروی فسوف.....	

سبحٰنک اللھم وبحمدک اشھد ان لا الٰہ الا انت استغفرک واتوب الیک. اللھم صل علی محمد الخ

رکوعاتہا ۳ | (۴۴) سُورۃُ الدُّخَانِ مَکِّیَّۃٌ (۶۴) | کلماتہا ۳۴۶
آیاتہا ۵۹ | | حروفہا ۱۴۳۱

جواب اِس شُبہ کا کہ پیر و فقیر سُنتے جانتے تو ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط سُورۃ الدخان بسورۃ الزخرف

(۱) سُورت زخرف میں اس شبہ کا جواب تھا کہ غیر اللہ کو شفیع غالب سمجھ کر پکارنا جائز ہے۔ اس کا جواب یہ دیا کہ شفیع غالب سمجھنا بھی شرک ہے۔ اب اس کے مشرک یہ کہتے ہیں کہ یہ بزرگ پیر فقیر، انبیاء اور ملائکہ شفیع غالب بھی نہ سہی، لیکن یہ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے تو ضرور ہیں، اور یہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہم جیسے عاجز اور گنہگاروں کے حق میں دُعا کریں گے، اور یہ بزرگ گو کہ اس جسمانی دُنیا سے اِنتقال فرما گئے ہیں تاہم یہ بزرگ ہماری درخواست سُنتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے دربار میں ہمارے حق میں عرض گزار دیتے ہیں، پھر اللہ تعالیٰ کی مرضی، وہ ان بزرگوں کی دُعا بھی قبول کرے یا نہ کرے۔ سو اس سوال کا جواب سُورۂ دخان میں دیا۔

○ یہ سُورت تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (آیت ۱ تا ۶) میں ترغیب اِلی القرآن مع عِلّتِ نزول و عظمتِ قرآن کا ذکر ہے۔ ○ مقصد (۶ تا ۵۷) کفار کے ایک شبہ کا جواب اور دعویٰ مع دلائل کے بیان فرمایا۔ اور ○ خاتمہ میں خلاصۂ سُورت۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		**مقصد**	
ترغیب الی القرآن	۲ و ۳	بیان مضمونِ کتاب و دعویٰ	
عِلّتِ نزولِ قرآن انا کنا منذرین		انہ ھو السمیع العلیم......	۶
بیان عظمتِ لیل (جس میں قرآن اُترا)	۴ و ۵	(نفی شرک اِعتقادی)	و ۷
عِلّتِ نزولِ قرآن رحمۃ من ربک	۶	بیان اصل دعویٰ	۸

مضمون	آیت	مضمون	آیت
شکویٰ	۹	جوابِ شکویٰ بصورت تخویفِ دنیوی	
تخویفِ دنیوی	۱۰ تا ۱۳	انجام منکرین و علّتِ اہلاک	۳۷
شکویٰ	۱۴	دلیل عقلی بر توحید	
جوابِ شکویٰ	۱۵	(نفی شفاعت قہریہ)	۳۸
نتیجہ "انکم عائدون" کا	۱۶	تخویفِ اخروی	۳۹ تا ۴۲
اِستشہاد بر عذابِ دنیوی	۱۷ تا ۳۳	جوابِ سوالِ مقدر کہ فیصلہ کب ہوگا؟	
واقعۂ موسیٰ علیہ السلام		تخویفِ اخروی ۲	۴۳ تا ۵۰
اِستقلالِ موسیٰؑ و براءۃ از مشرکین	۲۰ و ۲۱	تبشیر اخروی	۵۱ تا ۵۷
شکایت و دُعاء موسیٰؑ	۲۲	خاتمہ (خلاصۂ سورت)	
اجابتِ دُعاء	۲۳	ترغیب الی القرآن مع بیان	
معجزہ	۲۴	شفقتِ خداوندی	۵۸
پیش گوئی اِنہم		تخویفِ دنیوی متعلق بہ	
رُخِ سخن بسوئے اہلِ مکہ	۳۴ تا ۳۶	ابتدائے سُورت و اشارہ	
شکویٰ		بہ نصرتِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم	۵۹

رکوعاتہا ۴ — (۴۵) — **سُورَةُ الجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ** — (۶۵) — کلماتہا ۴۸۸

آیاتہا ۳۷ — حروفہا ۲۱۹۱

اس شبہ کا جواب کہ پیر و فقیر کو اَحوالِ سائل کی اِطلاع اللہ تو دے سکتا ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ربط سورۃ الجاثیہ بسورۃ الدخان

(۱) سُورۂ دُخان میں کافروں کے اس شبہ کا جواب تھا کہ ہم پیر و فقیر کو دُور یا نزدیک جہاں سے بھی پکاریں تو وہ سُنتے جانتے ہیں۔ اور فرمایا کہ ہر کسی کی پکار سُننا

اور ہر چیز کا جاننا صرف اللہ تعالیٰ کا کام ہے۔ اور اب سُورۂ جاثیہ میں مشرکین کے اس شبہ کا جواب ہے۔ جو کہتے ہیں کہ ہم نے مان لیا کہ انبیاء و اولیاء اور فرشتے وغیرہ ہماری حاجات پُوری نہیں کر سکتے، نہ وہ شفیع غالب ہیں، نہ وہ ہماری اِلتجا سُن سکتے ہیں لیکن یہ تو ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے ان پیارے بندوں تک ہماری بات پہنچا دے اور جب انھیں ہماری حالت کا علم ہو جائے تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہمارے لیے درخواست کر دیں، آگے اللہ تعالیٰ کی مرضی وہ ہمارا کام کرے یا نہ کرے، کیونکہ ہمارے بزرگوں سے یہ سلسلہ چلا آتا ہے۔ سو اس کا جواب اللہ تعالیٰ نے اس طرح دیا کہ ہمارے پیش کردہ دلائل سے راہِ شرع تو واضح ہو چکا ہے، بس اسی کی اطاعت اور پیروی کرو، باغیوں کی ہرگز نہ سُنو اور اپنی حاجات میں صرف اللہ کو ہی پکارو۔

○ یہ سُورت تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (آیت ۱ تا ۱۷) میں ترغیب الی القرآن اور اصل دعوٰے کے عقلی و نقلی دلائل بیان فرمائے۔ ○ مقصد (۱۸ تا ۳۵) میں کفار کے ایک شبہ کا ازالہ دلائل سے کیا گیا۔ اور ○ خاتمہ (۳۶ و ۳۷) میں خلاصۂ سُورت و دلیل عقلی بطور تفریع آئی ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		شکوٰی فبای حدیث	۶
ترغیب الی القرآن	۲	تخویف اخروی و شکوٰی	۷ و
دلیل عقلی ۱	۳	.... کان لم یسمعہا	۸
دلیل عقلی ۲ پہلی سے بڑھ کر	۴	نتیجہ فبشرہ بعذاب الیم	
دلیل عقلی ۳ پہلی دونوں سے بڑھ کر		زجر	۹ و ۱۰
.... بعد موتہا	۵	فضیلت و صداقتِ قرآن مجید	۱۱
دلیل عقلی ۴ پہلی تینوں سے بڑھ کر		دلیل عقلی ۵ پہلی چاروں سے بڑھ کر	۱۲
وتصریف		(نفی شرک فی التصرف)	و ۱۳
تمہید برائے شکوٰی ...... بالحق	۶	تخویف	۱۴

مضمون	آیت
ادخالِ الٰہی بطور قاعدہ کلیہ	۱۵
تخویف شرالٰی	
دلیل نقلی .... من الامر	۱۶ و ۱۷
بیان حال مخالفین فما اختلفوا	
انجام کار ان ربک	
مقصد (ازالہ شبہ)	
دعویٰ سورۃ	۱۸ تا ۲۰
عِلّۃ "لا تتبع" کی	۱۹
شکویٰ	۲۱
دلیل عقلی .... بالحق	۲۲
تخویف ولتجزیٰ	
کلام متعلق بمقصود اصلی وزجر	۲۳

مضمون	آیت
شکویٰ .... الا الدہر	۲۴
جوابِ شکویٰ و مالہم	
شکویٰ	۲۵
جوابِ شکویٰ، متعلق بہ ہر دو شکویٰ	۲۶
دلیل نقلی (نفی شرک فی التصرف)	۲۷
تخویف اُخروی ویوم تقوم	۲۷ تا ۲۹
تبشیر اخروی	۳۰
تخویف اخروی	۳۱
شکویٰ	۳۲
جوابِ شکویٰ	۳۳ تا ۳۵
خاتمہ (خلاصۂ سورت)	
دلیل عقلی بطور تفریع	۳۶ و ۳۷

رکوعاتہا ۴ (۴۶) سُورۃُ الاحقاف مکیۃ (۶۶) کلماتہا ۶۴۴
آیاتہا ۳۵ حروفہا ۲۵۹۵

اولیاء کے ناموں کے وظیفے کے متعلق شبہ کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ربط سورۃ الاحقاف بسورۃ الجاثیہ

(۱) سُورۂ جاثیہ میں تھا کہ کافر کہتے ہیں کہ پیر و فقیر خود تو نہ سُنتے ہوں گے مگر یہ تو ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے ان پیارے بندوں کو ہماری پکار پر مطلع کر دے تو یہ بزرگ ہمارے حال کی اطلاع پاکر ہمارے حق میں دُعا کریں، پھر اللہ تعالیٰ کی مرضی، وہ ان کی دُعا بھی قبول کرے یا نہ کرے۔ اس کا جواب یہ دیا کہ مسئلۂ توحید دلائل

کے ساتھ واضح ہوچکا ہے اس لیے اب تو ایسے باغیوں کی باتوں پر عمل نہ کریں، جنھوں نے کتبِ سماویہ میں تحریف کرکے شرک کی تعلیم دی۔ اور اب سُورت احقاف میں فرمایا کہ کافر کہتے ہیں کہ جہاں ہم نے اپنے دیگر باطل عقائد ترک کیے یعنی انبیاء و اولیاء وغیرہ کو حاجت روا و مشکل کشا کہنا چھوڑا، پھر ان ہستیوں کو شفیع ماننے کا بھی اِنکار کیا، پھر اس بات کا بھی ہم نے انکار کردیا کہ وہ ہماری پکار سُن کر اللہ تعالیٰ کے حضور ہمارے حق میں دُعا کرتے ہیں پھر اللہ تعالیٰ ان کی دُعا کو چاہے تو قبول کرلے اور چاہے رد کردے۔ اور پھر ہم نے یہ عقیدہ بھی چھوڑا کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو ہمارے حال سے ان بزرگوں کو آگاہ کردے اور پھر وہ ہمارے حق میں اللہ تعالیٰ سے اِلتجا کریں۔ تو اب اتنا تو ضرور ہے کہ اگر ان بزرگ ہستیوں کا نام لیا جائے تو برکت ہوتی ہے، کیونکہ جب ہم ان کو پکارتے ہیں اور ان کے نام کے وظیفے کرتے ہیں تو ہمارے کام باحسن انجام کو پہنچتے ہیں اور ہم مصائب سے محفوظ و مامون ہوجاتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان کے اس سوال کا جواب دیا کہ تم سے پہلے لوگ بھی ان کے نام جپتے تھے اور جب ہم نے انھیں سزا دی تو ان کو وہ نام جپنا ہماری گرفت سے نہ بچا سکا۔

○ یہ سورت تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (آیت ۱ تا ۲۶) میں ترغیب الی القرآن اور مسئلۂ توحید کو دلائلِ عقلیہ و نقلیہ اور دلیلِ وحی کے ساتھ مبرہن فرمایا۔ ○ مقصد (آیت ۲۷ تا ۳۴) میں دعویٰ سُورت مع دلائل و اثباتِ قیامت کا بیان ہے۔ اور ○ خاتمہ میں تسلیۃ النبیؐ اور حوامیم سبعہ کے پُورا پُورا پہنچا دینے کے متعلق ایک کلمہ "بلاغ" اور پھر بھی نہ ماننے والوں کے لیے تخویف ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		زجر والذین..........	۳
ترغیب الی القرآن	۲	تعلیم طریقۂ مناظرہ بالکفار	
دلیل عقلی بر توحید ....مسمّٰی	۳	مطالبہ دلیل عقلی از کفار ــــ السمٰوٰت	۴

مضمون	آیت	مضمون	آیت
مطالبہ دلیل نقلی از کفار ایتونی.....	۴	مبدأ مقصود اصلی	
ثمرہ مطالبہ مذکورہ بالا کا ۵ و	۶	استشہاد بر ترہیب ۲۱ تا	۲۵
شکوی ۱	۷	روئے سخن بہ اہلِ مکہ	
شکوی ۲ .... افتراہ	۸	نصیحت	۲۶
جوابِ شکوی متضمن دلیل وحی قل....		مقصد	
جوابِ سوال بر دلیلِ وحی	۹	دعویٰ سورت ۲۷ و	۲۸
ترہیب متضمن دلیل نقلی	۱۰	تایید دعویٰ بہ بیان حال جنات	۲۹
شکوی	۱۱	انذار و تبلیغ جنات کو ۳۰ تا	۳۲
دلیل نقلی	۱۲	دلیل عقلی بر اثباتِ قیامت	۳۳
دلیل وحی		تخویف اخروی	۳۴
تبشیر اخروی و ترغیب الی التوحید ۱۳ تا	۱۶	خاتمہ متعلق بہ حوامیم سبعہ	
کافر اور نافرمان اولاد کا ذکر ۱۷ و	۱۸	تسلیۃ النبی مع تخویف وعلۃ عدم استعجال	۳۵
عدلِ الٰہی متعلق بہ ہر دو فریق (موحد و مشرک)	۱۹	اشارہ بہ جملہ حوامیم "بلاغ"	
تخویف اخروی متضمن اسباب رسوائی	۲۰	تخویف فہل........	

رکوعاتہا ۴ — (۴۷) سُوْرَۃُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِیَّۃٌ (۹۵) — کلماتہا ۵۵۸

آیاتہا ۳۸ — حروفہا ۲۴۷۵

مُنکرینِ توحید سے حکمِ قتال

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط سورۃ مُحمّد بحوامیم سبعہ

(۱) حٰمٓ مومن سے سُورۃ احقاف تک حوامیم سبعہ میں کفار کے تمام شبہات کا جواب بہ طریقِ احسن مل جانے کے بعد کہ غیراللہ مالک و مُختار اور متصرف نہیں

نہ شفیع غالب ہیں اور نہ وہ سُنتے دیکھتے ہیں، پھر بھی مشرک نہ مانیں اور ضد کریں، اور مسلمانوں کو تکلیف پہنچائیں تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع ہو جائیں اور مرد ہو کر ان مشرکوں سے جہاد کریں۔

○ سُورۂ محمّدؐ، فتح اور حجرات میں ایک ہی مضمون ہے کہ قتال کریں، فتح اللہ دے گا بشرطیکہ منظم رہا جائے۔

○ یہ سُورۃ دو فصلوں پر مشتمل ہے۔ ○ فصل اول (آیت ۱ تا ۱۹) میں موحد اور مشرک کی صفات کا تقابل اور جہاد کا حکم ہے۔ ○ فصل ثانی (آیت ۲۰ تا ۳۸) میں جانی و مالی جہاد میں شریک نہ ہونے والوں کو زجریں ہیں۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
الفصل الاول:		تخویف کفار	۸
ترہیب و بیانِ حالِ کفار	۱	وجہ تعس و اِضلال کی	۹
تبشیر مومنین	۲	تخویف دنیوی بطور نمونہ	۱۰
وجہ تفاوت حالِ فریقین (مومن و کافر)	۳	نصرۃِ مومنین و قہر کفار	۱۱
ترغیبِ جہاد دو طریق سے		تبشیر اخروی و بیانِ احوال مومنین	۱۲
.... ببعض	۴	مجرموں کو مہلت دینا والذین کفروا.....	
ترغیبِ جہاد مع تبشیر اخروی برائے شہداء		تخویف اخروی والنار	
متضمن عِلل خمسہ والذین قتلوا.....		اِستشہاد بر عذاب دنیوی	۱۳
عِلۃ ۱ فلن یضل اعمالہم		نفی شفاعت قہریہ فلا ناصر لہم	
عِلۃ ۲ سیہدیہم	۵	تقابل مومن و کافر کا	۱۴
عِلۃ ۳ ویصلح بالہم		تبشیر اخروی .... من ربہم	۱۵
عِلۃ ۴ ویدخلہم الجنۃ	۶	تخویف اخروی کمن ہو خالد......	
عِلۃ ۵ عرفہا لہم		شکوہ متضمن ترغیب جہاد.... قلوبہم	۱۶
حکم نصرتِ دین کا اور وعدہ خداوندی	۷	وجہ مہر لگانے کی واتبعوا......	

مضمون	آیت	مضمون	آیت
ترغیب مومنوں کو	۱۷	شکویٰ	۲۹
ترہیب کافروں کو	۱۸	وجہ عدم اخراج اضغان (کینہ)	۳۰
دعویٰ توحید و عِلّتِ جہاد	۱۹	غرض فرضیت جہاد	۳۱
الفصل الثانی		بیان حالِ کفار	۳۲
شکویٰ ....من الموت	۲۰	تشجیع المومنین علی القتال	۳۳
جوابِ شکویٰ فاولیٰ لہم......	۲۰ و ۲۱	بیان حال کفار مع تخویف اخروی	۳۴
تنبیہ تارکین جہاد کو	۲۲ و ۲۳	جہاد میں ثابت قدم رہنے کا حکم	۳۵
زجر المنافقین	۲۴ و ۲۵	تزہید من الدنیا و ترغیبِ انفاق	۳۶
عِلّتِ لعن	۲۶	عِلّتِ اللہ تعالیٰ کے مال نہ مانگنے کی	۳۷
حال منافقین موت کے وقت	۲۷	زجر بر عدم انفاق ...... الفقراء	۳۸
وجہ ایسی بری موت کی	۲۸	تنبیہ وان تتولوا.......	

رکوعاتہا ۴ — (۴۸) — سُوْرَۃُ الْفَتْحِ مَدَنِیَّۃٌ — (۱۱۱) — کلماتہا ۵۶۸

آیاتہا ۲۹ — حروفہا ۲۵۵۹

مومنین مُجاہدین کو بشارتِ فتح

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط سورۃ الفتح بسورۃ مُحَمَّدٍ

(۱) سُورۂ محمد میں کفار مُعاندین مُسلمانوں کو تکلیف پہنچانے والوں کے ساتھ جہاد کا اعلان فرمایا۔ اور اب سُورۂ فتح میں جہاد کرنے والے مسلمانوں کو فتح کی بشارت دی گئی ہے۔

○ یہ سورت بھی دو فصلوں پر مشتمل ہے۔ ○ فصل اوّل میں دو بشارتیں مع علل بیان کی گئی ہیں۔ نیز ترغیب جہاد اور منافقین کو زجر بھی ہے۔ اور ○ فصل ثانی میں اِعادہ ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
حکمت ۳ ولولا........	۲۵	جلّہ فتح متضمن جلالت شانِ نبیؐ و	
حکمت ۴ لیدخل....	۲۵ و ۲۶	شانِ صحابہؓ، جن کی وساطت سے	
ازالۂ شبہ متعلق بہ رُؤیا النبیؐ و بیان		دین کو غلبہ حاصل ہُوا	۲۹
صداقت رؤیا النبیؐ	۲۷	تبشیر اخروی مومنین کو	
تبشیر و ترغیب توحید و اِتباعِ نبیؐ	۲۸	وعد اللہ........	

رکوعاتہا (۲) — ۴۹ — **سُورۃ الحجرات مدنیۃ** — ۱۰۶ — کلماتہا ۳۴۳

ایہا ۴۹ — حروفہا ۱۴۷۶

مومنین کو تعلیمِ آداب اور باہمی اِتحاد کا حکم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط سُورۃ الحجرات بسورۃ مُحمّد و فتح

(۱) اعلانِ جہاد کے بعد فرمایا کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کچھ آداب اور متحد و منظم رہنے کے لیے چند اہم معاشرتی قوانین پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے تاکہ مسلمان کفار کے مقابلہ میں فتح یاب ہو سکیں۔

○ یہ سُورۃ دو فصلوں اور تینوں سورتوں کے خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ فصل اول (۱ تا ۵) میں آدابِ نبیؐ بیان کیے گئے ہیں۔ ○ فصل ثانی (۶ تا ۱۷) میں معاشرتی قوانین کا ذکر ہے ○ خاتمہ (آیت ۱۸) میں سُورۂ محمد، فتح اور حجرات کا مسئلۂ توحید علی سبیل الترقی مذکور ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
الفصل الاول		حکم ۳ دیہاتیوں کو باندازِ زجر	۳
احکام آدابِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم		حکم ۴	۴ و ۵
حکم ۱	۱	**الفصل الثانی**	
حکم ۲	۲	معاشرتی قوانین	۶ تا ۱۳

مضمون	آیت
قانون ۱	۶
قانون متعلق بہ آداب نبی حکم ۱	۷ و ۸
قانون ۲	۹
ترغیب اصلاح احوال متعلق بہ قانون ۲	۱۰
قانون ۳	۱۱
قانون ۴	۱۲
قانون ۵	۱۳

مضمون	آیت
شکوٰی منافق دیہاتیوں کا	۱۴
کامل الایمان مومن کی پہچان	۱۵
زجر ۱ اعراب (دیہاتیوں) کو	۱۶
زجر ۲ . . .	۱۷
خاتمہ	
تینوں سورتوں کا مسئلہ توحید	
علی سبیل الترقی نفی شرک اعتقادی	۱۸

رکوعاتہا ۳	۵۰	سورۃ ق مکیۃ	۳۴	کلماتہا ۳۵۷
آیاتہا ۴۵				حروفہا ۱۴۹۴

قیامت اور بعث کا اثبات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ربط سورۃ ق بسور ثلثہ

(۱) جہاد اس لیے کرتے ہیں کہ مشرک توحید کے منکر ہیں اور اس کے علاوہ یہ کہ مشرک قیامت کے بھی منکر ہیں۔ سورت ق، ذاریات اور طور میں حشر نشر کا ذکر ہے۔ ○ سورۂ ق میں قیامت کے نفخۂ ثانیہ پر سب لوگوں کے جی اٹھنے کا ذکر ہے۔ ○ سورۂ ذاریات میں ہے کہ قیامت کے روز سب لوگوں کو اپنے اپنے اعمال کی جزا و سزا بھی ہوگی۔ اور ○ سورۂ طور میں ہے کہ جس پر عذاب ہوگا وہ کسی غیر اللہ کے ٹالے سے نہیں ٹلے گا۔ گویا ق سے طور تک تین فصلوں پر مشتمل ایک باب ہے۔

○ یہ سورہ تمہید مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (۱ تا ۱۱) میں ترغیب الی القرآن وعظمت قرآن اور دعوٰی بعث کا مقدمہ مع دلائل مذکور ہے۔ ○ مقصد (۱۱ تا ۴۵) میں دعوٰی اثبات قیامت مع دلائل و استشہادات۔ اور ○ خاتمہ میں حکم تذکیر بالقرآن ہے۔

مضمون	آیت
تمہید	
ترغیب الی القرآن و صداقتِ رسولؐ	۱ تا ۲
شکویٰ فقال الکفرون......	۲ و ۳
جواب شکویٰ	۴ و ۵
دلائلِ بعث بطور مقدمہ دعویٰ	
دلیل عقلی ۱	۶
دلیل عقلی ۲	۷ و ۸
دلیل عقلی ۳ ...... میتا	۹ تا ۱۱
مقصد	
دعویٰ بطور ثمرۂ دلائل ثلثہ کذلک الخروج	۱۱
استشہاد بر مواخذہ دنیویہ متعلق بہ دلائل بالا	۱۲ تا ۱۴
شکویٰ	۱۵
تخویف	۱۶ تا ۳۰
دریں اثنا نعلم کی علّۃ ونحن......	۱۶
بیان توحید بصورت علۃ القیا...کی	۲۶
تبشیر اخروی	۳۱ تا ۳۵
استشہاد بر مواخذۂ دنیوی	۳۶
منیبین کو نصیحت	۳۷
دلیل بعث	۳۸
تسلیۃ النبیؐ اور تبلیغ توحید پر پختہ رہنے کا حکم	۳۹ تا ۴۲
کلام متعلق بہ دلیل عقلی	۴۳ و ۴۴
تسلیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ...... بجبار	۴۵
خاتمہ	
تذکیر بالقرآن کا حکم فذکر.....	

سبحٰنک اللھم وبحمدک اشھد ان لا الٰہ الا انت استغفرک واتوب الیک۔ اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی اٰل محمد۔ الخ

رکوعاتہا ۳ — آیاتہا ۶۰ — (۵۱) سُورَۃُ الذّٰرِیٰتِ مَکِّیَّۃٌ (۶۷) — کلماتہا ۳۶۰ — حروفہا ۱۲۴۸

بعث و نشر کے بعد اعمال کی جزا و سزا کا اثبات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط سُورۃ الذاریات بسورۃ ق

(۱) سُورۂ ق میں قبروں سے زندہ ہو کر نکلنے کا ذکر تھا۔ اور اب سُورۃ الذاریات

میں فرمایا کہ بعث بعد الموت کے بعد دُنیا میں کیے گئے اعمال کی جزا سزا بھی ضرور ہوگی۔

○ یہ سُورت تمہید اور مقصد پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (آیت نمبر ۱ تا ۴) میں اثباتِ قیامت اور جزا و سزا کا نمونہ ہے۔ اور ○ مقصد (آیت نمبر ۵ تا ۶۰) میں پہلے جزا و سزا سے متعلق دعویٰ ہے اور پھر اثباتِ قیامت اور جزا و سزا کے نمونے بطور دلیل پیش فرمائے گئے ہیں۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		نمونہ جزا و سزا کا	۲۲ و ۲۳
نمونہ اثباتِ قیامت اور	۱ تا ۴	تخویفِ دنیوی کے پانچ نمونے	
جزا و سزا کا۔		تمہید کے طور پر قصۂ ابراہیمؑ	۲۴ تا ۳۱
مقصد		نمونہ ۱ قومِ لوطؑ کا قصہ	۳۲ تا ۳۷
دعوئ سُورت متعلق بہ جزا و سزا	۵ و ۶	نمونہ ۲ قومِ موسیٰؑ کا قصہ	۳۸ تا ۴۰
نمونہ اثباتِ قیامت کا	۷	نمونہ ۳ قومِ عاد کا قصہ	۴۱ و ۴۲
زجر منکرینِ بعث کو	۸ و ۹	نمونہ ۴ قومِ ثمود کا قصہ	۴۳ تا ۴۵
تخویفِ اخروی منکرین کو	۱۰ تا ۱۴	نمونہ ۵ قومِ نوحؑ کا قصہ	۴۶
تبشیر مومنین	۱۵ تا ۱۹	علّتِ اہلاک انہم	
اصولِ کامیابی بطورِ علّت		دلیلِ توحید و کمالِ قدرتِ الٰہی	۴۷ تا ۴۹
بضمنِ تبشیر		دعوئ توحید مع بیانِ رسالت	۵۰
۱۔ توحید اِنهم	۱۶	نہی از شرک مع بیانِ رسالت	۵۱
۲۔ تہجد گزاری	۱۷	تسلیۃ النبیؐ و شکوئ مشرکین کا	۵۲ و ۵۳
۳۔ اِستغفار	۱۸	حکمِ تذکیر	۵۴ و ۵۵
۴۔ خیرات	۱۹	علّتِ حکمِ تذکیر کی	۵۶ تا ۵۸
دلیلِ عقلی بر بعث	۲۰ تا ۲۱	تخویفِ دنیوی	۵۹ و ۶۰

رکوعاتها (۲) | آیاتها ۴۹ | (۵۲) | کلماتها ۳۱۲ | حروفها ۱۵۰۰ | (۷۶)

سُورَةُ الطُّورِ مَكِّيَّةٌ

مستحقینِ عذاب کسی طرح بھی عذاب سے بھاگ نہ سکیں گے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط سورۃ الطور بسورۃ الذاریات

(۱) سورت ذاریات میں فرمایا کہ سب لوگوں کو قیامت میں اپنے اپنے اعمال کی جزا و سزا ضرور ملے گی۔ اور اب سُورۃ طور میں فرمایا کہ سزایافتہ شخص وہاں سے بھاگ کر سزا سے ہرگز خلاصی نہیں پاسکے گا اور نہ کوئی اور اسے بچاسکے گا۔

○ یہ سُورت تمہید اور مقصد پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (آیت ۱ تا ۶) میں دعوئ سُورت کے شواہد و دلائل کا ذکر ہوگا۔ اور ○ مقصد (۷ تا ۴۹) میں پہلے سُورت کا دعویٰ اور پھر تخویفات و زجرات وغیرہ کا بیان اور تسلیۃ [illegible] بیان ہوں گی۔

مضمون	آ	مضمون	آیت
تمہید		مقصد	
ذکرِ شواهد		دعوئ سُورت	۷ و ۸
شاهد ۱		تخویفِ اُخروی	۹ تا ۱۶
اشاره دلیل نقلی توراۃ کی طرف	۱	تبشیرِ اخروی متضمن دلیل و ثمرۂ توحید	۱۷ تا ۲۸
شاهد ۲		رُوئے سخن بسوئے نبیؐ	
اشاره دُوسری کتب سماویہ کی طرف	۲ و ۳	تسلیۃ النبیؐ و حکمِ تذکیر	۲۹
شاهد ۳		شکویٰ	۳۰
اشاره دلیل وحی کی طرف	۴	جوابِ شکویٰ	۳۱
دلیل عقلی ۱	۵	زجر	۳۲
دلیل عقلی ۲	٦	شکویٰ	۳۳

مضمون	آیت	مضمون	آیت
جوابِ شکویٰ	۳۴	زجر ۸	۴۲
سلسلۂ زجرات		زجر ۹	۴۳
زجر ۱	۳۵	تنزیہِ باری تعالیٰ سبحٰن......	
زجر ۲	۳۶	شکویٰ مع تخویف	۴۴
زجر ۳	۳۷	رُوئے سخن بسوئے نبیؐ	
زجر ۴	۳۸	حکمِ اعراض از کفار۔ و	۴۵ و
زجر ۵ بیان جہالتِ کفار	۳۹	تخویف اخروی	۴۶
زجر ۶	۴۰	تخویف دنیوی	۴۷
زجر ۷	۴۱	تسلیۃ النبیؐ متعلق بہ فذکّر.... ۴۸ و ۴۹	

رکوعاتہا ۳ — ۵۳ — سورۃ النجم مکیۃ — ۲۳ — کلماتہا ۳۶۰

آیاتہا ۶۲ — حروفہا ۱۴۰۵

سُوَرِ سابقہ کا نتیجہ کہ پھر غیرُ اللّٰہ کو مت پکارو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط سورۃ النجم بسورۃ الطور

(۱) سورت طور میں تھا کہ قیامت میں جزا سزا ضرور ہوگی اور مستحق عذاب کسی طرح بھی عذاب سے بھاگ نہ سکیں گے اور نہ کوئی اور ہی اسے بچا سکے گا۔ اور اب سُورۂ نجم میں فرمایا کہ کوئی شفیع غالب بھی نہ ہوگا۔

○ یہ سورت تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ ● تمہید میں ترغیب الی القرآن اور صداقتِ رسولؐ کا بیان ہے۔ ● مقصد (آیت نمبر ۱۹ تا ۶۱) میں دو باتوں کا بیان خصوصیت سے ہُوا ہے۔ ○ لات، عزیٰ، مناۃ وغیرہ پیر فقیر شفیع غالب نہیں ہیں، ○ فرشتے شفیع غالب نہیں ہیں۔ اور ● خاتمہ (آیت ۶۲) میں دعویٰ کا اعادہ ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		تخویف اخروی لیجزی الذین......	٣١
ترغیب الی القرآن، د		تبشیر اخروی ویجزی الذین	
صداقت رسول صلی اللہ علیہ وسلم	١ تا ٤	اوصاف محسنین .... لمم	٣٢
وحی لانے والے فرشتے کی قوت و	٥ تا	شفقت خداوندی ...... المغفرۃ	
امانت وغیرہ کا بیان	١٨	وسعت علم الٰہی مع علۃ ھو اعلم بکم...	
اس اثنا میں صداقت قرآن کا ذکر	١٢	علۃ لا تزکوا کی ھو اعلم بمن اتقیٰ	
معراج النبیؐ کا بیان	١٥ تا ١٨	زجر	٣٣ تا ٣٥
مقصد (دو دعوے)		دلیل نقلی از صحف موسیٰؑ و ابراہیمؑ	٣٦ تا ٤١
دعویٰ اولیٰ بطور شکویٰ	١٩ و ٢٠	کلام متعلق بہ توحید	٤٢ تا ٤٩
دعویٰ ثانیہ بطور شکویٰ	٢١ و ٢٢	تخویف دنیوی	٥٠ تا ٥٥
اعادہ دعویٰ اولیٰ	٢٣ تا ٢٥	صداقت رسولؐ	٥٦
اعادہ دعویٰ ثانیہ	٢٦ تا ٢٨	تخویف اخروی	٥٧ تا ٥٨
تسلیۃ النبیؐ و زجر مشرکین	٢٩	زجر	٥٩ تا ٦١
علۃ متعلق بہ زجر	٣٠	**خاتمہ**	
ادخال الٰہی بیان توحید ...... الارض	٣١	خلاصۂ سورۃ بطور اعادۂ دعویٰ	٦٢

رکوعاتہا ٣ — ٥٤ — سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ — ٣٧ — کلماتہا ٣٤٢

آیاتہا ٥٥ — حروفہا ١٤٢٣

نفی شفاعت غالبہ کی علۃ اور نفی شرک کا بیان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط سورۃ القمر بسورۃ النجم

(١) سورت النجم میں تھا کہ نہ تو لات، منات اور عزیٰ ہی شفیع قہری ہیں اور

نہ ہی فرشتے۔ لہٰذا کسی کو شفیع قہری نہ سمجھو۔ اور اب سُورۂ القمر میں اس کی عِلّۃ بیان فرمائی کہ غیر اللہ کو شفیعِ غالب نہ سمجھنے کی عِلّۃ اور دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی کارساز ہے، جس نے ہر چیز کو اندازے سے پیدا فرمایا ہے۔

○ یہ سورت تمہید اور مقصد پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (آیت ۱ تا ۴۴) میں پہلے عظیم معجزہ شق القمر کا ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو اس پر قدرت نہیں۔ اس کے بعد نہ ماننے والوں کے لیے مواخذۂ دنیویہ کے چند نمونے اور زجریں، تخویفیں اور شکوے بیان فرمائے اور ○ مقصد میں بعث کی دلیل عقلی، بیان قدرتِ الٰہیہ اور تخویف و تبشیر کے ساتھ ساتھ اعمال نامہ کے لکھے جانے کا بیان ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		جوابِ شکویٰ	۴۵ و ۴۶
تخویف اخروی متضمن شکویٰ	۱	تخویف اخروی	۴۷ و ۴۸
شکویٰ	۲ تا ۵	**مقصد**	
تسلیۃ النبیؐ	۶	دلیل عقلی بر بعث	۴۹
تخویف یوم یدع الداع	۶ تا ۸	بیان قدرتِ الٰہیہ	۵۰
مواخذۂ دنیویہ کے نمونے		تخویف دنیوی	۵۱
نمونہ ۱ قوم نوحؑ	۹ تا ۱۷	بیان کتابتِ اعمال متضمن	۵۲ و
نمونہ ۲ قوم عاد	۱۸ تا ۲۲	تخویف اخروی	۵۳
نمونہ ۳ قوم ثمود	۲۳ تا ۳۲	تبشیر اخروی متقین کو	۵۴ و ۵۵
نمونہ ۴ قوم لوطؑ	۳۳ تا ۴۰		
نمونہ ۵ آلِ فرعون	۴۱ و ۴۲		
روئے سخن بہ اہلِ مکہ			
زجر	۴۳		
شکویٰ	۴۴		

سبحٰنك اللهم وبحمدك اشهد ان لا اله الا انت استغفرك واتوب اليك اللهم صل على سيدنا محمد وعلى آل محمد وبارك وسلم.

رکوعاتہا ۳	۵۵	سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ	۹۷	کلماتہا ۳۵۱
آیاتہا ۷۸				حروفہا ۱۶۳۶

سُورۂ قمر کا نتیجہ اور یہ کہ برکات دہندہ بھی صرف اللہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط سُورَةُ الرَّحْمٰن بسورۃ القمر

① سُورت قمر میں تھا کہ سب مخلوق کا خالق کارساز اور اندازہ کے ساتھ بنانے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ اور اب رحمٰن میں دُوسرا سبق دیا کہ برکات دہندہ بھی صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ اور یہ مقصد اور دعویٰ سورت کے اخیر میں ہے جو دلائل کے بعد بطور ثمرہ کے ذکر کیا گیا ہے۔

○ یہ سُورت تمہید اور مقصد پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (۱ تا ۷۷) ہمتا مختصر سی ہے مگر تمہید طولانی کے مصداق ہے، اس میں تمہیدی طور پر (۱ تا ۳۰) نو دلائل پھر (۳۱ تا ۴۵) منکرین کے لیے تخویف دنیوی و اُخروی اور (۴۶ تا ۷۷) تبشیر اخروی ہے۔ اور ○ مقصد آیت ۷۸ میں ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		دلیل عقلی ۶	۱۹ تا ۲۳
وحدانیت، رحمت و قدرت و نعم باری تعالیٰ کے دلائل۔	۱ تا ۳۰	دلیل عقلی ۷	۲۴ و ۲۵
		دلیل عقلی ۸	۲۶ تا ۲۸
دلیل عقلی ۱	۱ و ۲	دلیل عقلی ۹	۲۹ و ۳۰
دلیل عقلی ۲	۳ و ۴	تمہید تخویفات	۳۱ و ۳۲
اسباب بقائے انسانی	۵ و ۶	تخویف دنیوی	۳۳ و ۳۴
دلیل عقلی ۳	۷ تا ۱۳	تخویف اخروی	۳۵ تا ۴۵
دلیل عقلی ۴	۱۴ تا ۱۶	بشارت اخرویہ	۴۶ تا ۷۷
دلیل عقلی ۵	۱۷ و ۱۸	مقصد دعویٰ سورت	۷۸

کلماتہا ۳۷۸	سُوْرَۃُ الْوَاقِعَۃِ مَکِّیَّۃٌ (۵۶) (۴۶)	رکوعاتہا ۳
حروفہا ۱۷۰۳		آیاتہا ۹۶

سُورۂ قمر و رحمٰن کا نتیجہ کہ پھر اللہ تعالیٰ کو شرک کرتی سے پاک سمجھو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط سورۃ الواقعۃ بسورۃ الرحمٰن

(۱) سُورۂ رحمٰن کا دعویٰ تھا کہ برکات دہندہ صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ اور اب سُورۂ واقعہ ہیں فرمایا کہ جب برکات دہندہ صرف اللہ تعالیٰ ہے تو پھر تم اسی کی پاکی بیان کرو۔

○ یہ سورت تمہید اور مقصد پر مشتمل ہے۔ ○ تمہید (آیت ۱ تا ۶) میں بیان احوالِ قیامت ○ مقصد (۷ تا ۹۶) میں دو فصل ہیں۔ ○ فصل اول (۷ تا ۷۴) میں پہلے تین جماعتوں کا اجمالی اور پھر تفصیلی ذکر ہوگا۔ تین جماعتیں یہ ہیں ○ اصحاب المیمنہ ○ اصحاب المشئمہ اور ○ السابقون۔ پہلی فصل میں علی سبیل اللف والنشر الغیر المرتب تینوں جماعتوں کا ذکر فرما کر چار دلائل عقلی بصورت زجر بیان فرمائے اور آخر میں دعویٰ سورت بطور نتیجہ کے ذکر فرمایا۔ اور ○ فصل ثانی (۷۵ تا ۹۶) میں پہلے نمونہ اثبات بعث و عظمت قرآن اور زجرین بیان فرما کر فصل اوّل میں مذکور تین جماعتوں کے بہ انداز دِگر اعادہ کے بعد نتیجہ کے طور پر دعویٰ سُورۃ کا اِعادہ فرمایا گیا۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		بشارت سابقون کی	۱۱ تا ۲۶
بیان احوالِ قیامت	۱ تا ۶	بشارت اصحاب الیمین کی	۲۷ تا ۴۰
مقصد		احوال اصحاب الشمال	۴۱ تا ۵۶
الفصل الاول		دلیل عقلی ۱ بصورت زجر	۵۷ تا ۶۲
تین جماعتوں کا اجمالی ذکر	۷ تا ۱۰	دلیل عقلی ۲ 〃 〃	۶۳ تا ۶۷

مضمون	آیت
دلیل عقلی ۳ بصورت زجر	۶۸ تا ۷۰
دلیل عقلی ۴ " "	۷۱ تا ۷۳
دعویٰ سورت بطور نتیجہ	۷۴
الفصل الثانی	
نمونہ اثباتِ بعث	۷۵ تا ۷۶
جملہ مستانفہ عظمتِ قرآن اور تصدیقِ قرآن کی ترغیب۔	۷۷ تا ۸۰
زجر ۱ (مکذب قرآن کو)	۸۱ و ۸۲
زجر ۲	۸۳ تا ۸۷
اعادہ اجمالی جماعاتِ ثلٰثہ	۸۸ تا ۹۴
ذکر مقربین	۸۸ و ۸۹
ذکر اصحابُ الیمین	۹۰ و ۹۱
ذکر اصحابُ الشمال	۹۳ و ۹۴
مہر تصدیق تمام مضمون پر	۹۵
اعادہ دعویٰ سورت	۹۶

○

رکوعاتہا ۴ / آیاتہا ۲۹	(۵۷) سُورۃُ الحدید مدنیۃ (۹۴)	کلماتہا ۵۴۴ / حروفہا ۲۴۷۶

دفع شرک کے لیے جہاد کرو اور مال لگاؤ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ربط سورۃ الحدید بسورۃ الواقعہ

(۱) سُورتِ قمر، رحمٰن اور واقعہ میں فرمایا کہ ہر چیز کو ایک خاص اندازہ سے بنانے والا اور برکات دہندہ صرف اللہ تعالیٰ ہے تو ہر عیب سے پاک بھی اسی کو سمجھو۔ اور اب سُورۂ حدید میں فرمایا کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے ساتھ بزرگ ہستیوں، انبیاءؑ و اولیاء کو شریک گردانتے ہیں ان کی تبکیت یعنی سرکوبی کے لیے مالی و جانی جہاد کرو۔

○ یہ سُورت تمہید اور مقصد پر مشتمل ہے۔ ● تمہید (آیت ۱ تا ۶) میں توحید و تنزیہ باری تعالیٰ ہے۔ اور ● مقصد (۷ تا ۲۹) میں دو فصل ہیں۔ ○ فصل اول میں انفاق فی سبیل اللہ۔ اور ○ فصل ثانی میں قتال فی سبیل اللہ کا بیان ہے۔

مضمون	آیت
تمہید	
توحید و تنزیہ باری تعالیٰ	۱ تا ۶
مقصد	
الفصل الاول ترغیب انفاق فی سبیل اللہ	
ایمان باللہ و رسول کا حکم بطور تمہید	۷
حکم انفاق انفقوا	
○ وجہ انفاق ۱ مما جعلکم	۷ تا ۹
○ وجہ انفاق ۲	۱۰
○ وجہ انفاق ۳	۱۱
تبشیر انفاق کرنے والوں کو	۱۲
تخویف اخروی منافقین کو	۱۳ تا ۱۵
تنبیہ المومنین و ترغیب قبول حق و احکام الٰہیہ	۱۶
نمونہ کثی گناہوں کا	۱۷
ترغیب انفاق و تبشیر منفقین کو	۱۸
تبشیر مومنین	۱۹
تخویف کفار والذین کفروا.....	
تمثیل بے ثباتی دنیا	۲۰
○ وجہ انفاق ۴	۲۰ و ۲۱
ترغیب انفاق برنگ دیگر	
○ وجہ انفاق ۵	۲۲ تا ۲۴
الفصل الثانی	
قتال فی سبیل اللہ کا مقصد	۲۵ تا ۲۹
نمونہ ترغیب جہاد ۱ اجمالاً	۲۵
نمونہ ترغیب جہاد ۲ تفصیلاً	۲۶ و ۲۷
ترغیب جہاد اہل کتاب کو	۲۸ و ۲۹

رکوعاتہا ۳ — (۵۸) سورۃ المجادلۃ مدنیۃ (۱۰۵) — کلماتہا ۴۷۳

آیاتہا ۲۲ — حروفہا ۱۷۹۲

جہاد کے بارے میں رؤس المنافقین کو زجریں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ربط سورۃ المجادلۃ بسورۃ الحدید

(۱) سورۂ حدید میں انفاق و قتال سے متعلق مضمون تھا اور سورۂ مجادلہ میں جہاد جانی نہ کرنے والوں کو زجریں ہیں جو بظاہر تو اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں مگر حقیقت میں منافق ہیں۔

○ سُورۂ حدید میں جہاد سے متعلق دو مضمون ہیں ① قتال فی سبیل اللہ ② انفاق فی سبیل اللہ اور اب انہی دو مضمونوں کو آئندہ آنے والی آٹھ سورتوں میں اس طرح بیان فرمایا کہ پہلی چار سورتوں یعنی مجادلہ ، حشر ، ممتحنہ اور صف میں سُورۂ حدید کی فصل ثانی کے مضمون قتال کا ذکر بطور تفریع کے فرمایا ۔ اور بعد والی چار سورتوں یعنی جمعہ ، منافقون تغابن اور طلاق میں سُورۂ حدید کی فصل اول کے مضمون انفاق کا ذکر بطور تفریع کے فرمایا ۔ اور سُورۂ طلاق میں اِصلاح معاشرہ کا بیان بھی فرمایا تاکہ مومنین باہم متحد ہوکر جہاد جیسا عظیم فریضہ بہ حُسن و خوبی ادا کرسکیں ۔ پھر سُورۂ تحریم میں سُورۂ حدید کے ہر دو مضمونوں کو بطور تتمہ کے جمع فرمادیا ۔ گویا حدید تا تحریم ایک باب ہُوا ۔

○ یہ سُورت تمہید اور مقصد پر مشتمل ہے ۔ ○ تمہید (۱ تا ۴) میں مسئلہ ظہار مذکور ہے ۔ اور ○ مقصد (۵ تا ۲۲) میں منافقین کو زجریں اور مومنین کو تنبیہات بصورت قوانین مذکور ہیں ۔ اور آخر میں مومنین بشارتیں دی گئی ہیں ۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		قانون ۱	۹ و ۱۰
بیان مسئلہ ظہار جو طعنِ منافقین کا مبدأ ہے کہ منہ بولی ماں سے نکاح جائز کہتا ہے ۔	۱ و ۲	قانون ۲ (آدابِ مجلس)	۱۱
ظہار کا کفارہ ..... حدود اللہ	۳ و ۴	قانون ۳	۱۲ و ۱۳
تخویف اخروی مخالفوں کو وللکفرین....		زجر ۴ (منافقین کو)	۱۴
مقصد		تخویف اخروی مع بیانِ علت	۱۵
بُرے منافقین کو زجریں		بدعملیوں کا بیان	۱۶ و ۱۷
زجر ۱	۵ و ۶	کلام متعلق بہ لن تغنی	۱۸ و ۱۹
زجر ۲	۷	کلام متعلق بہ آیت ۵	۲۰
زجر ۳	۸	مومنین کو بشارتِ فتح	۲۱
تنبیہ المومنین بصورت قوانین	۹ تا ۱۳	مدحِ مخلصین و تبشیر اخروی	۲۲
		○	

رکوعاتہا ۳	۵۹	سُورَۃُ الحَشْرِ مَدَنِیَّۃٌ	۱۰۱	کلماتہا ۴۴۵
آیاتہا ۲۴				حروفہا ۱۹۱۳

نچلے درجے کے مُنافقین کو زجریں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ربط سورۃ الحشر بسورۃ المجادلہ

(۱) سُورۂ مجادلہ میں بڑے منافقین کو زجریں تھیں۔ اور اب سُورۂ حشر میں نچلے درجے کے منافقین کو زجریں ہیں۔

○ یہ سورت تمہید، مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید دعوئ توحید	۱	مقصد	
نمونہ تخویفِ دُنیوی	۲ تا ۵	زجر نچلے درجہ کے منافقین کو	۱۱ تا ۱۷
بنی نضیر کے مالِ فیٔ کی تقسیم کا طریقہ	۶ و ۷	خطاب بہ مومنین	۱۸ تا ۲۱
مصارف کا تفصیلی بیان (۱) فقراء مہاجر	۸	نعمت قرآن کا اثر	۲۱
انصار	۹	خاتمہ	
دیگر فقراء	۱۰	اعادہ دعوئ توحید	۲۲ تا ۲۴

لہا رکوعان (۲)	۶۰	سُورَۃُ المُمۡتَحِنَۃِ مَدَنِیَّۃٌ	۹۱	کلماتہا ۳۴۸
آیاتہا ۱۳				حروفہا ۱۵۱۰

کامل الایمان کمزور ہمت مومنین کو تنبیہات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ربط سورۃ الممتحنۃ بسورۃ الحشر

(۱) سُورۂ مجادلہ و حشر میں منافقین کو زجریں تھیں۔ اور اب سُورۂ ممتحنہ میں کمزور

ہمت مگر کامل الایمان مُسلمانوں کو تنبیہات ہیں جن سے جہاد کے معاملہ میں نادانستہ طور پر کوتاہیاں ہُوئیں۔

○ یہ سورت بغیر تمہید کے مقصد اور خاتمہ پر مشتمل ہے جس میں تنبیہات ہیں۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
مقصد		قاعدہ متعلق بہ زنان	۱۰ و ۱۱
تنبیہ	۱ تا ۳	فامتحنوھن کا بیان اور طریقہ بیعت	۱۲
اِستشہاد بر متارکتِ کُفار	۴ تا ۷	**خاتمہ**	
قاعدہ متعلق بہ تنبیہ	۸ و ۹	اِعادہ مضمون ابتدائے سُورت	۱۳

رکوعہا (۲)	۶۱	سُورۃ الصف مدنیۃ	۱۰۹	کلماتہا ۲۲۱
آیہا ۱۴				حروفہا ۹۰۰

جہاد نہ کرنے والے کم ہمت مومنین کو تنبیہات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ربط سورۃ الصف بسورۃ المُمتحنۃ

(۱) سُورۂ ممتحنہ میں کامل الایمان مگر کم حوصلہ مُسلمانوں کو تنبیہات تھیں۔ اور اب سُورۂ صف میں جہاد نہ کرنے والے کم ہمت مومنوں کو تنبیہات ہیں۔

○ یہ سورت تمہید اور مقصد پر مشتمل ہے۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
تمہید		ترغیب الیٰ القتال	۴
دعوئ توحیدِ باری تعالیٰ	۱	نمونہ عذابِ دُنیوی کا	
مقصد		جہاد نہ کرنے والوں کو	۵
تنبیہ مومنین کو جنھوں نے اپنی	۲	ترغیب الیٰ الجہاد	۶
کم ہمتی کی وجہ سے جہاد نہ کیا۔	و ۳	وجہ قتال	۷ و ۸

مضمون	آیت	مضمون	آیت
حکمِ قتال تاقیامت ہے۔ کیونکہ یہ آخری نبیؐ ہے۔ استدلال بر ختمِ نبوتؐ۔	۹	ترغیب الی الجہاد ۱	۱۰ تا ۱۳
		ترغیب الی الجہاد ۲	۱۴
		○	

رکوعہا ۲	۶۲	سُورۃُ الجُمُعَۃِ مَدَنِیَّۃٌ	۱۱۰	کلماتہا ۱۸۰
آیاتہا ۱۱				حروفہا ۷۲۰

انفاق فی سبیل اللہ کے بارے رُؤسُ المنافقین کو زجریں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ربط سورۃ الجمعۃ بسورۃ الصف

(۱) گزشتہ چار سورتوں میں قتال کا بیان تھا اور آئندہ چار سورتوں میں انفاق کا ذکر ہوگا۔

مضمون	آیت	مضمون	آیت
